بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
ABC Certified
روزنامہ
گلدستہ بہار کوئٹہ
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر :۔ کاشف مراد قلندرانی
جلد نمبر 21 | بروز پیر 19 اکتوبر 2026ء / 07 جمادی الاول 1448ھ / قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 281

ایمرجنسی واپسی کی شرط پر مذاکرات نہیں ہوں گے، رانا ثناءاللہ

وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کی ملاقات کی کوئی تیسری جگہ نہیں، ملاقات وزیراعظم ہاوس میں ہی ہوگی

چیف الیکشن کمشنر اور ارکان کی تقرری کیلئے اپوزیشن لیڈر کو دو خط لکھے، اب جواب کا انتظار کر رہے ہیں' مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے چیف الیکشن کمشنر اور ارکان کی تقرری کے لیے اپوزیشن لیڈر کو دو خط لکھے، اب جواب کا انتظار کر رہے ہیں، اپوزیشن لیڈر بتائیں وزیراعظم سے ملنے کب آ رہے ہیں؟ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی واپس لینے کی شرط پر پی ٹی آئی سے مذاکرات نہیں ہوسکتے، پی ٹی آئی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں تعاون کرے تو بات ہوسکتی ہے۔ رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کی ملاقات کی کوئی تیسری جگہ نہیں، ملاقات وزیراعظم ہاوس میں ہی ہوگی۔ حکومت نے محمود اچکزئی کی وزیراعظم سے ملاقات کے لیے تیسری جگہ مقرر کرنے کی شرط مسترد کر دی، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی واپس لینے کی شرط پر بھی پی ٹی آئی سے مذاکرات سے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

وزارت اطلاعات نے ایران کے خلاف پاکستانی سرزمین سے کارروائی کا دعویٰ مسترد کر دیا

اسطرح کے جھوٹے دعوے پھیلانا انتشار کو ہوا دینے کے وسیع تر ایجنڈے کا حصہ ہے، وزارت اطلاعات

اسلام آباد (اے این این) وزارت اطلاعات و نشریات نے پاکستانی سرزمین سے ایران کے خلاف امریکی فوجی کارروائی کے دعوے کو بے بنیاد اور من گھڑت قرار دے کر مسترد کر دیا ہے۔ وزارت اطلاعات کے مطابق شمالی امریکا سے تعلق رکھنے والے ایک سوشل میڈیا اکاؤنٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

اعلیٰ مراعات پانے والے بیوروکریٹس کی ملک سے وابستگی کا جائزہ لیا جانا چاہیے، خواجہ آصف

بیرونِ ملک منتقلی کے معاملے پر بیوروکریٹس کے اثاثوں اور آمدن کے ذرائع کا شفاف جائزہ ضروری ہے

سرکاری افسران پاکستان کے ساتھ مستقل وابستہ ہیں یا بیرون ملک جانے کیلئے عبوری خدمات دے رہے ہیں؟ وزیر دفاع کا سوال

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے سرکاری بیوروکریسی کے بعض افسران کی بیرونِ ملک مستقل سکونت اختیار کرنے کی تیاریوں پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ اعلیٰ عہدوں پر فائز رہنے، حکومتی سرپرستی حاصل کرنے اور ملک سے عزت و مراعات پانے والے افسران کی پاکستان کے ساتھ وابستگی کا جائزہ لیا جانا چاہیے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ 'ایکس' پر اپنے بیان میں خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ پاکستان کی بیوروکریسی میں قابل اور ایماندار افسران موجود ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں، تاہم ایک بڑی تعداد گزشتہ کئی برسوں سے کینیڈا، امریکا، برطانیہ اور یورپ کو اپنا مستقل مسکن بنا چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض افسران نے سرکاری ملازمت کے دوران ہی بیرونِ ملک مستقل سکونت اختیار کرنے کے لیے باقاعدہ منصوبہ بندی کی، جس سے ان کی ملازمت کے دوران وطن اور سرکاری ذمہ داریوں کے ساتھ وابستگی کے بارے میں سوالات پیدا ہوتے ہیں۔ وفاقی وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ گزشتہ چند برسوں سے سرکاری افسران (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف دانش اسکول کی افتتاحی تختی کی نقاب کشائی کر رہے ہیں

صدر کے دستخط کے بغیر خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا نفاذ ممکن نہیں تھا، بلاول

قائدِ عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید بینظیر بھٹو کا مشن آئین کی بالادستی، عوام کی حکمرانی، مساوات، سماجی انصاف اور ایک پرامن، خوشحال و ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر ہے

سانحہ کارساز کے شہدا کی قربانیاں قومی تاریخ کا ایسا روشن باب ہیں جسے قوم ہمیشہ یاد رکھے گی' چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سانحہ کارساز کے شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 18 اکتوبر پاکستان کی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ جب شہید بینظیر بھٹو کی وطن واپسی پر دہشت گردی کے ذریعے انہیں نشانہ بنانے کی بزدلانہ کوشش کی گئی تاہم ان کے استقبال کے لیے آنے والے جیالوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے اپنی قائد کی حفاظت کی اور جمہوریت و عوام کے حقِ حکمرانی سے اپنی غیر متزلزل وابستگی کا بے مثال عملی ثبوت دیا۔ پی پی پی چیئرمین نے کہا (باقی صفحہ 2 نمبر 4)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف دانش اسکول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

18 اکتوبر پاکستان کی سیاسی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، صادق عمرانی

بلوچستان حکومت شہید بینظیر بھٹو کے ویژن کے مطابق جمہوریت اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے 18 اکتوبر 2007 سانحہ کارساز کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ 18 اکتوبر پاکستان کی سیاسی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے جب شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی وطن واپسی کے موقع پر کارساز کے مقام پر نہتے کارکنوں پر ہونے والا (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

خضدار، لاپتہ قرار دیے جانے والے شبیر احمد بارزئی مینگل باحفاظت گھر پہنچ گئے، اہلخانہ میں خوشی کی لہر

منگوچر سے ملنے والی لاش کے بعد پھیلی تشویش دور، ورثا نے شناخت میں غلطی کے بعد اللہ کا شکر ادا کیا

خضدار (یو این اے) وڈھ سے تعلق رکھنے والے شبیر احمد بارزئی مینگل جو گزشتہ ہفتے سے لاپتہ تھے اور جنہیں مردہ قرار دیا جا رہا تھا، وہ آج اتوار کے روز زندہ سلامت اپنے گھر پہنچ گئے۔ شبیر احمد بارزئی مینگل گزشتہ دنوں منگوچر سے لاپتہ ہو گئے تھے، جس کے بعد رابطہ نہ ہونے پر تشویش پائی جا رہی تھی۔ اسی دوران منگوچر سے ایک نامعلوم لاش ملی، جسے غلط فہمی میں شبیر احمد بارزئی (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

پاکستان کی کم آمدن والی 80 فیصد آبادی کا تعلق دیہی علاقوں سے ہے، رپورٹ

ملک کا متمول طبقہ اپنی آمدنی کا تقریباً 20 تا 30 فیصد حصہ خوراک پر خرچ کرتا ہے، عالمی بینک

اسلام آباد (اے این این) عالمی بینک کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کی 80 فیصد کم آمدن والی آبادی دیہی علاقوں میں مقیم ہے، جس کو مختلف سماجی اور معاشی خطرات کا سامنا ہے۔ ملک کا متمول طبقہ اپنی آمدنی کا تقریباً 20 تا 30 فیصد حصہ خوراک پر خرچ کرتا ہے جبکہ دوسری (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

لانگ مارچ کیوں ناکام ہوا؟ پی ٹی آئی نے فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بنادی

پی ٹی آئی کی سیاسی اور کور کمیٹی کا اجلاس الزام تراشی کی نظر، رہنماؤں کی سہیل آفریدی پر تنقید

پشاور (اے این این) پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی نے لانگ مارچ اور حکومت سے مذاکرات کی ناکامی کی تحقیقات کیلئے فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی قائم کردی۔ پارٹی کی کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں لانگ مارچ کی ناکامی، منصوبہ بندی کے فقدان اور قیادت کے کردار پر سوالات اٹھائے گئے اور سہیل آفریدی کو لانگ مارچ کی ناکامی (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

نارووال، وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال ورلڈ اسپیس ویک 2026ء کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

حکومتی ادارے اور عوام دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، ضیاء لانگو

ان کارروائیوں کے دوران بھارتی سرپرستی کے مبینہ 8 دہشت گردوں کی ہلاکت اور اسلحہ و گولہ بارود کی برآمدگی سکیورٹی اداروں کی اہم کامیابی ہے' صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے اسلحہ اور گولہ بارود کی برآمدگی سکیورٹی فورسز کی موثر حکمت عملی کی عکاسی کرتی ہے ٹھکانے سے 490 کلوگرام دھماکا خیز مواد برآمد ہونا بھی ایک اہم پیش رفت ہے' بیان

کوئٹہ (اے این این) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے اور صوبے میں امن و امان کے قیام کے لیے سکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائیاں قابلِ ستائش ہیں۔ ان کارروائیوں کے دوران بھارتی سرپرستی کے مبینہ 8 دہشت گردوں کی ہلاکت اور اسلحہ و گولہ بارود کی برآمدگی سکیورٹی اداروں کی اہم کامیابی ہے۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

آبنائے ہرمز میں امریکی بحریہ نہ ہوتی تو پیٹرول تین گنا مہنگا ہوتا، جے ڈی وینس

واشنگٹن (اے این این) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے اعتراف کیا ہے کہ امریکا میں اس وقت پیٹرول کی قیمتیں بہت (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

مولانا کو خیبر پختونخوا میں حصہ نہیں ملے گا: طلال چودھری

مولانا فضل الرحمان کے پی حکومت کو مال غنیمت سمجھ رہے ہیں، وزیر مملکت

اسلام آباد (اے این این) وزیر مملکت طلال چودھری نے کہا کہ مولانا کو خیبر پختونخوا میں حصہ نہیں ملے گا۔ وزیر مملکت طلال چودھری کہتے ہیں مولانا فضل الرحمان کے پی حکومت کو مال غنیمت سمجھ رہے ہیں، پی ٹی آئی حکومت نہیں رہی تو اب کہتے ہیں ہمیں حصہ دیا جائے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

ریاست دشمن عناصر کے نیٹ ورکس کو توڑنا ناگزیر ہے: میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سکیورٹی فورسز کی مؤثر اور بروقت کارروائیاں ان (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

دہشت گردوں کی تمام سازشیں ناکام بنائیں گے، صدر مملکت

بلوچستان میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں قابلِ تحسین ہیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے اضلاع کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں تین مختلف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم 8 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اتوار کو ایوان (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

دانش سکول امیر اور غریب کے درمیان فرق ختم کرنے کی کوشش ہے، وزیراعظم

دانش اسکولز کا دائرہ پنجاب سے نکل کر پورے پاکستان میں پھیل رہا ہے، جدید آئی ٹی اور اے آئی لیبارٹریز بھی قائم کی جائیں گی، معیاری تعلیم اور مساوی مواقع کی فراہمی ضروری ہیں

آج وزیراعظم نہیں بلکہ حقیقی خادم کی حیثیت سے سامنے ہوں، اسلام آباد دانش اسکول کی تقریب میں غریب طالب علم کی دردناک کہانی سن کر وزیراعظم شہباز شریف آبدیدہ، بچے کو گلے سے لگا لیا

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ معیاری تعلیم اور مساوی مواقع کی فراہمی ضروری ہے، غریب خاندانوں کے بچوں کو بھی اشرافیہ کے برابر تعلیمی مواقع ملنے چاہئیں، آج وزیراعظم نہیں بلکہ حقیقی خادم کی حیثیت سے آپ کے سامنے ہوں۔ دانش اسکول اسلام آباد کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کے باصلاحیت (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

ایل پی جی کی قیمت بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

اسلام آباد (اے این این) اوپن مارکیٹ میں ایل پی جی کے نرخ بلند ترین سطح پر پہنچ گئے۔ ایک طرف سوئی گیس کے کم پریشر اور قلت کا سامنا ہے تو وہیں ایل پی جی بھی بلیک میں ملنے لگی ہے، حکومت کی جانب سے ایل پی جی (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیاں ناقابلِ فراموش باب ہیں' میر عبیداللہ گورگیج

18 اکتوبر کے شہداء نے جمہوریت، عوامی حقوق اور جمہوری جدوجہد کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی اور پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما میر عبیداللہ گورگیج نے 18 اکتوبر سانحہ کارساز کے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ کارساز پاکستان کی جمہوری تاریخ کا ایک دردناک اور ناقابلِ فراموش واقعہ ہے، جس میں جمہوریت، عوامی حقوق اور ملک میں جمہوری نظام کے استحکام کے لیے جدوجہد کرنے (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف دانش اسکول کے بارے میں بریفنگ حاصل کر رہے ہیں

پی ٹی آئی براہ راست کوئی مذاکرات نہیں کرے گی، اسد قیصر

فیصلہ اب اپوزیشن اتحاد اور آل پارٹیز کانفرنس میں ہوگا، رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (اے این این) تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی اب براہ راست کوئی مذاکرات نہیں کرے گی، اب فیصلہ اپوزیشن اتحاد اور آل پارٹیز کانفرنس میں ہوگا۔ اسد قیصر کا کہنا تھا کہ وفاق کے فیصلوں کا ایک ہی جواب ہے بھرپور مزاحمت، یہ اپنا کیا (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

وندر، تیز رفتار مسافر کوچ کی زد میں آ کر نوجوان جاں بحق، ڈرائیور گاڑی سمیت فرار

متوفی پاکستان پیپلز پارٹی یوتھ ونگ کے رہنما کے بھائی ہیں، پولیس نے تحقیقات کا آغاز کر دیا

وندر (یو این اے) وندر نامعلوم تیز رفتار مسافر کوچ کی زد میں آ کر مقامی نوجوان ظہیر احمد جاں بحق ڈرائیور گاڑی سمیت فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق وندر شہر کے وسط سے گزرنے والی کوئٹہ تو کراچی مین قومی شاہراہ N-25 پر MS بیکری کے (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

گوادر سیکرٹری میری ٹائم افیئرز کیپٹن (ر) محمد خرم آغا کو چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ گوادر بندرگاہ کے ترقیاتی منصوبوں سمیت اب تک کی پیش رفت سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ تشویشناک ہے، جمعیت بلوچستان

ذخیرہ اندوزوں اور ناجائز منافع خوروں کے خلاف کارروائی اور عوام کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام بلوچستان نے کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف اضلاع میں آٹے کی قیمت میں ہوش ربا اضافے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ اور ذخیرہ اندوزی نے غریب عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

سیکریٹری میری ٹائم افیئرز محمد خرم آغا کا دوروزہ دورے پر گوادر پورٹ پہنچنے پر استقبال

گوادر پورٹ اتھارٹی کے ہیڈ آفس میں اعلیٰ سطحی اجلاس، پورٹ کی ترقی اور ماسٹر پلان پر تفصیلی بریفنگ

گوادر (خ ن) سیکریٹری میری ٹائم افیئرز کیپٹن (ر) محمد خرم آغا دو روزہ دورے پر گوادر پورٹ پہنچ گئے، جہاں چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ، جی پی اے کے اعلیٰ افسران نے (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

روشن خواب
نیا باب
دانش اسکولز، وزیر اعظم محمد شہباز شریف کے اُس وژن کی تعبیر ہیں، جہاں باصلاحیت اور مستحق بچوں کے لیے معیاری تعلیم کے دروازے اہلیت اور قابلیت کی بنیاد پر کھلتے ہیں۔
اب اسی سفر کا ایک نیا باب اسلام آباد میں کھل چکا ہے
دانش اسکول، کُری روڈ، اسلام آباد
وزیرِ اعظم شہباز شریف کا عزم جدید اور معیاری تعلیم سب کے لیے
آڈیٹوریم
کھیل کے میدان اور قومی سطح کے کوچز
سائنس اور کمپیوٹر لیبز
جدید ترین کلاس رومز
محفوظ بورڈنگ ماحول
24 گھنٹے طبی سہولت
اسمارٹ گیجٹس اور جدید ٹیکنالوجی
وسیع لائبریری مفت کتب اور یونیفارم
.اہلیت .مساوات .معیار .مواقع
URAAN PAKISTAN
Prime Minister's Youth Programme
وزارت اطلاعات ونشریات حکومت پاکستان
/GovtofPakistan @govtofPak govtofpakistan www.moib.gov.pk @GovtofPakistan
PID(I)3571-D/26

بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
روزنامہ
گلدستہ بہار کوئٹہ
ABC Certified
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر:۔ کاشف مراد قلندرانی

ایڈیٹرانچیف ایم۔ ندیم قلندرانی نے دفتر روزنامہ گلدستہ بہار قمبرانی روڈ سے شائع کیا
فون نمبر:۔ 03363522116, 03345757077.
E-Address:guldastabahar123@gmail.com

ایف بی آر کی تنظیم نو کیخلاف ہڑتال کی کال واپس

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی ان لینڈ ریونیو سروس آفیسرز ایسوسی ایشن نے ادارے کی مجوزہ تنظیم نو کے خلاف (آج) پیر 19 اکتوبر کو دی جانے والی قلم چھوڑ ہڑتال کی کال واپس لے لی ہے جس کے بعد ایف بی آر ہیڈکوارٹرز اور فیلڈ فارمیشنز میں تمام افسران معمول کے مطابق فرائض انجام دیں گے۔ ایسوسی ایشن نے گزشتہ رات گئے جاری اعلامیے میں ہڑتال کی کال واپس لینے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ایف بی آر کی مجوزہ تنظیم نو سے متعلق گردش کرنے والے بیانات ابتدائی مشاورت کے دوران سامنے آنے والی اطلاعات کی عکاسی کرتے تھے تاہم انہیں حتمی شکل نہیں دی گئی تھی۔ اعلامیے کے مطابق ایف بی آر کی اعلیٰ قیادت نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ان لینڈ ریونیو سروس کے مفادات کو اولین ترجیح دی جائے گی اور اصلاحاتی عمل کے دوران ان کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جائے گا۔ آئی آر ایس او اے نے اعلیٰ قیادت کی یقین دہانی پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسوسی ایشن ان لینڈ ریونیو سروس اور قومی خزانے کے وسیع تر مفاد میں ایف بی آر کے ساتھ تعمیری بات چیت کا سلسلہ جاری رکھنے کی خواہاں ہے۔ دوسری جانب ذرائع کا کہنا ہے کہ ایف بی آر انتظامیہ اور حکومت کے شدید دباؤ کے باعث ایسوسی ایشن نے ہڑتال کی کال واپس لی ہے، تاہم ایسوسی ایشن کے باضابطہ اعلامیے میں فیصلے کی وجہ اعلیٰ قیادت کی یقین دہانی اور مجوزہ تنظیم نو سے متعلق بیانات کی وضاحت کو قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ 1

انکار کر دیا۔ وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ وزیراعظم ہاؤس کسی کی ذاتی ملکیت نہیں، ریاست کی ملکیت ہے، پہلے بھی ایسی ضدیں کی جا چکی ہیں، یہ طریقہ قبول نہیں۔

بقیہ 2

پر امریکی بحریہ کی جانب سے پاکستان سے ایران پر کارروائی کا دعویٰ کیا گیا، جو سراسر بے بنیاد ہے۔ وزارت اطلاعات نے اپنے بیان میں کہا کہ اسطرح کے جھوٹے دعوے پھیلانا غلط فہمیوں اور انتشار کو ہوا دینے کے وسیع تر ایجنڈے کا حصہ ہے۔ وزارت اطلاعات کا کہنا ہے کہ ایسی سوشل میڈیا پوسٹس کسی بھی سنجیدہ مبصر کی توجہ کے لائق نہیں، ان بے بنیاد خبروں کو پروپیگنڈا قرار دے کر اسی انداز میں ان سے نمٹنا چاہیے۔

بقیہ 3

کی بیرون ملک منتقلی کے حوالے سے پرتگال کا نام سامنے آ رہا ہے اور وہ چند ماہ قبل بھی اس موضوع پر ایکس پر بیان دے چکے ہیں۔ خواجہ آصف نے دعویٰ کیا کہ اس سلسلے میں جن افسران کے نام سامنے آ رہے ہیں، وہ برسوں سے مختلف حکومتوں کی توجہ اور سرپرستی حاصل کرتے رہے ہیں اور اہم عہدوں پر فائز ہیں۔ انہوں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ مستقل رہائش (پی آر) کے حصول میں مبینہ سہولت کاری کرنے والا ایک شخص متعدد دولت مند بیوروکریٹس سے بھاری رقوم وصول کرنے کے بعد فرار ہے، اس معاملے سے متعلق مختلف کہانیاں گردش کر رہی ہیں، تاہم انہوں نے اپنے بیان میں متعلقہ افسران، مبینہ سہولت کار یا مالی لین دین کے حوالے سے تفصیلی شواہد پیش نہیں کیے۔ وفاقی وزیر دفاع نے سوال اٹھایا کہ جو لوگ اعلیٰ سرکاری عہدوں پر فائز رہے، جنہیں وطن نے عزت دی، جنہیں جائز یا ناجائز ذرائع سے دولت جمع کرنے کے مواقع میسر آئے اور جو سیاست دانوں کے منظور نظر رہے، کیا ان کی ملک کے ساتھ وابستگی کو ملازمت کے پورے دورانیے میں شک و شبہے سے بالاتر سمجھا جا سکتا ہے؟ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ آیا ایسے افسران اپنی سرکاری ملازمت کے دوران پاکستان کے ساتھ مستقل وابستگی رکھتے ہیں یا ان میں سے بعض مستقبل میں بیرون ملک منتقل ہونے کے منصوبوں کے تحت محض عبوری طور پر یہاں خدمات انجام دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری افسران کی بیرون ملک منتقلی، مستقل رہائش کے انتظامات، مالی وسائل اور سرکاری ذمہ داریوں کے حوالے سے اہم سوالات کو نمایاں کیا ہے، ان معاملات کی حقیقت جاننے کے لیے متعلقہ افسران کے اثاثوں، آمدن کے ذرائع، بیرون ملک سرمایہ کاری اور قانونی تقاضوں کی پابندی کا شفاف جائزہ ضروری ہے۔

بقیہ 4

کہ سانحہ کارساز کے شہدا کا لہو گواہی دیتا ہے کہ دہشت گردی، انتہاپسندی اور تشدد جمہوریت کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتے، سانحہ کارساز کے شہدا کی قربانیاں قومی تاریخ کا ایسا روشن باب ہیں جسے قوم ہمیشہ یاد رکھے گی۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید بینظیر بھٹو کا مشن آئین کی بالادستی، عوام کی حکمرانی، مساوات، سماجی انصاف اور ایک پرامن، خوشحال و ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر ہے، پاکستان پیپلز پارٹی اسی مشن پر کاربند رہتے ہوئے جمہوری اداروں کے استحکام، آئین کے تحفظ اور عوام کے حقوق کی پاسداری کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ چیئرمین نے شہدا کے درجات کی بلندی اور ان کے اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ کارساز کے شہدا کی یاد جمہوریت، ثابت قدمی اور قربانی کے اس عہد کی تجدید ہے جسے آنے والی نسلیں بھی مشعل راہ بنائیں گی، ان کی قربانیاں ہمیشہ اس عزم کی یاد دلاتی رہیں گی کہ عوام کی حکمرانی اور جمہوری اقدار کے تحفظ کی جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 5

حملہ دراصل جمہوریت اور جمہوری اقدار پر حملہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کارساز میں 170 سے زائد جیالوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر ثابت کیا کہ عوامی طاقت کو بندوق اور بارود سے دبایا نہیں جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے کارساز کی قربانیاں جمہوری جدوجہد کا ناقابل فراموش باب ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ شہداء کے خون سے ملک میں آمریت کے خاتمے اور جمہوریت کی بحالی کی راہ ہموار ہوئی۔ آج بھی پاکستان پیپلز پارٹی اپنے شہداء کے مشن پر کاربند ہے۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ شہدائے کارساز کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں اور ان کے اہل خانہ سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ اللہ پاک تمام شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان حکومت شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے وژن کے مطابق جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے تحفظ کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 6

سے منسوب کر کے وڈھ لے جایا گیا۔ جب لاش وڈھ پہنچی تو ورثاء اور قریبی رشتہ داروں نے لاش دیکھ کر فوری تصدیق کی کہ یہ لاش شبیر احمد بارنزئی کی نہیں ہے، بلکہ کسی اور شخص کی ہے۔ شناخت میں غلطی واضح ہونے پر وہ لاش خضدار منتقل کر دی گئی۔ اس واقعے کے بعد علاقے میں شدید تشویش اور بے چینی پھیل گئی کہ آخر شبیر احمد کہاں ہیں۔ تاہم آج اتوار کے روز اس کہانی نے خوشگوار موڑ لے لیا، جب شبیر احمد بارنزئی مینگل بخیریت زندہ سلامت اپنے گھر پہنچ گئے۔ ان کی واپسی پر اہل خانہ اور علاقہ مکینوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے اور اہل خانہ نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا ہے۔

بقیہ 7

جانب متوسط اور غریب طبقات کی ایک بڑی تعداد اپنی مجموعی آمدن کا 70 سے 80 فیصد حصہ خوراک کی ضروریات کی تکمیل پر خرچ کرتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں اضافہ کے سبب یہ طبقات زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ عالمی بینک کے مطابق اکیسویں صدی کی پہلی دہائی کے دوران مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان اور پاکستان (ایم ای این اے اے پی) کے خطے میں غربت میں نمایاں کمی واقع ہوئی تھی تاہم 2019 میں یہ پیش رفت متاثر ہوئی کیونکہ کورونا وائرس کی عالمگیر وبا کے بعد غربت کی شرح میں دوبارہ اضافہ ہوا ہے۔ عالمی بینک کے مطابق 2024 میں خطے کی 14.3 فیصد آبادی کی یومیہ آمدنی تین ڈالر سے کم تھی جبکہ عالمی سطح پر یہ شرح 10.4 فیصد تھی۔ مزید برآں ایم ای این اے اے پی کے ممالک میں 26.9 فیصد آبادی کی یومیہ آمدن 4.20 ڈالر تھی جبکہ دنیا بھر میں یہ شرح 18.9 فیصد تھی۔

بقیہ 8

کا ذمہ دار قرار دیا گیا۔ اجلاس میں شریک رہنماؤں نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ لانگ مارچ کے لیے کوئی منصوبہ بندی نہیں تھی اور نہ ہی رہنماؤں کو اعتماد میں لیا گیا۔ سلمان اکرم راجہ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جب بھی سہیل آفریدی سے لانگ مارچ کے منصوبے کے بارے میں پوچھا جاتا تو وہ تفصیلات نہیں بتاتے تھے۔ پی ٹی آئی رہنماؤں کے مطابق لکی مروت سے مردان تک بھی انہیں منصوبہ بندی سے بے خبر رکھا گیا۔ اجلاس میں اکثریتی رہنماؤں کی جانب سے پی ٹی آئی کا اپوزیشن لیڈر لانے کا مطالبہ بھی کیا گیا، تاہم پارٹی کا موقف تھا کہ محمود اچکزئی بانی چیئرمین عمران خان کے نامزد کردہ ہیں، اس لیے انہیں عہدے سے نہیں ہٹایا جا سکتا۔

بقیہ 9

کا ریٹ 279 روپے فی کلو مقرر کیا گیا ہے لیکن شہر کی پرچون مارکیٹ میں ایل پی جی 430 سے 480 روپے میں فروخت ہونے لگی ہے۔ شہریوں کی جانب سے شکوہ کیا گیا ہے کہ سوئی گیس کے بل بھی ادا کرتے ہیں اور مہنگے داموں ایل پی جی بھی خریدتے ہیں، سفید پوش طبقہ پس رہا ہے، کوئی پوچھنے والا نہیں۔ شہریوں نے ایل پی جی کی قیمتوں کو سرکاری ریٹس پر لانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگائی نے پہلے ہی کمر توڑ دی ہے۔

بقیہ 10

والے بے شمار کارکنوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ 18 اکتوبر 2007 کو محترمہ شہید بینظیر بھٹو کی وطن واپسی کے موقع پر کراچی میں پیش آنے والے سانحے نے پوری قوم کو غمزدہ کر دیا تھا۔ اس المناک واقعے میں شہید ہونے والے کارکنوں کی قربانیاں پاکستان پیپلز پارٹی کی تاریخ اور جمہوریت کی جدوجہد کا روشن باب ہیں، جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ میر عبداللہ گورگیج نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت، آئین کی بالادستی، پارلیمان کی خودمختاری، عوامی حقوق اور مساوات کے لیے جدوجہد کی ہے۔ پارٹی قیادت اور کارکنوں نے جمہوری نظام کے تحفظ کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں، جبکہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو اور سانحہ کارساز کے شہداء کی جدوجہد آج بھی ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کارساز ہمیں یہ درس دیتا ہے کہ جمہوریت کے استحکام، امن اور عوام کی خوشحالی کے لیے اتحاد، برداشت اور ثابت قدمی ضروری ہے۔ ہمیں شہداء کے مشن کو آگے بڑھاتے ہوئے ایک ایسے پاکستان کے قیام کے لیے جدوجہد جاری رکھنی چاہیے جہاں آئین و قانون کی حکمرانی ہو، عوام کو بنیادی حقوق حاصل ہوں اور جمہوری ادارے مضبوط ہوں۔ میر عبداللہ گورگیج نے سانحہ کارساز کے تمام شہداء کو سلام عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اپنے شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی اور جمہوریت کے تحفظ، عوام کی خدمت اور ملک کی ترقی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 11

کے حصول کی خاطر ہر ڈسٹرکٹ کی سطح پر جدید مہارتوں کی ترقی اور میرٹ کی پاسداری اور نظام کی شفافیت یقینی بنانے سے واضح آسانی پیدا ہوگی۔ اپنے ایک بیان میں گورنر بلوچستان نے بیروزگاری کے خاتمے کیلئے معاشی ترجیحات از سر نو متعین کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ زراعت، لائیو اسٹاک، صنعت، تجارت اور دیگر معاشی شعبوں کو جدید ٹیکنالوجی، سرمایہ کاری اور مؤثر منصوبہ بندی کے ذریعے ترقی دینا ضروری ہے تاکہ قومی اور مقامی معیشت کو مستحکم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ درپیش معاشی چیلنجز پر قابو پانے کیلئے محض مالی امداد اور راشن کی فراہمی پر انحصار کرنے کی بجائے معاشی خودانحصاری اور پائیدار اقدامات پر توجہ دینا ہوگی۔ سردست لوگوں کو معاشی طور پر خودمختار بنانے، کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کی ضرورت ہے تاکہ عام آدمی اپنی پوشیدہ صلاحیتوں، ہنر اور محنت کے ذریعے باعزت روزگار حاصل کر سکے۔ گورنر جعفر خان نے کہا کہ اس ضمن میں سرکاری اور نجی شعبے کے درمیان اشتراک عمل یعنی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ، کو مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بلوچستان میں اس ماڈل کے تحت فنی تربیتی مراکز، صنعتی یونٹس، زراعت اور لائیو اسٹاک میں ویلیو ایڈیشن، کولڈ اسٹوریج، فوڈ پروسیسنگ اور جدید کاروباری منصوبوں کو فروغ دیکر معاشی سرگرمیوں میں اضافہ اور روزگار کے وسیع مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے مزید کہا کہ تعلیمی اداروں کو مقامی ضروریات اور روزگار کی منڈی کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ناگزیر ہے۔ ہر ضلع کے معاشی امکانات کا جائزہ لیکر ایسے فنی اور پیشہ ورانہ تربیتی پروگرام متعارف کرائے جائیں جو نوجوانوں کو عملی زندگی کے تقاضوں سے ہم آہنگ اور معاشی طور پر خودکفیل بنانے میں معاون ثابت ہوں۔ سرکاری جامعات، کالجز اور پولی ٹیکنیک اداروں کو پرائیویٹ انڈسٹریز اور کاروباری مراکز سے منسلک کیا جائے تاکہ طلبہ کو معیاری تعلیم کے ساتھ عملی تربیت اور روزگار کے بہتر مواقع بھی میسر آ سکیں۔ گورنر مندوخیل نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مشترکہ کوششوں کے ذریعے ایک ایسے خوشحال اور خودمختار معاشرے کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے جہاں ہر نوجوان کو آگے بڑھنے کے مساوی مواقع میسر ہوں، ہر محنت کرنے والے کو باعزت روزگار ملے اور ترقی کے ثمرات معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچیں۔

بقیہ 12

خصوصی صلاحیتوں کی حامل بچی کی داستان کو غیر متزلزل عزم کی کہانی قرار دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ عظیم پاکستانی، محنتی، باوقار اور علم دوست باپ کی بیٹی ہے، غریب والد کے پاس بیٹی کی تعلیم کیلئے مالی وسائل نہیں تھے، محنت کش والدین شدید گرمی اور سردی میں حلال روزی کماتے ہیں، محدود آمدن کے باعث والدین بچوں کی تعلیم اور صحت کیا خراجات پورے نہیں کر پاتے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مزید کہا کہ ہمارے نوجوان غیر معمولی ذہانت، جذبے اور زندگی سے بھرپور ہیں، نوجوان اپنی ذہانت اور محنت سے پاکستان کو عالمی سطح پر نمایاں مقام دلا سکتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مالی مشکلات کی باعث کوئی ذہین بچہ معیاری تعلیم سے محروم نہیں رہنا چاہیے، غریبوں کے بچے ایچی سن جیسا داروں میں تعلیم کا تصور بھی نہیں کر سکتے، اسی وژن کے تحت 2010 میں دانش اسکولز کی بنیاد رکھی، جس کا مقصد بچوں کو معیاری تعلیم کیلیکساں مواقع فراہم کرنا ہے۔ وزیراعظم نے اپنے خطاب میں کہنا تھا کہ دور دراز علاقوں، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کیذہین بچوں کو معیاری تعلیم دینی ہے، بہاولپور کی ہونہار بچی نے عزم اور ہمت سے تعلیم حاصل کی اور آج ڈاکٹر بن کر انسانیت کی خدمت کر رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہمارا عزم ہے کہ دانش اسکولز معروف تعلیمی اداروں سے بھی بہتر ثابت ہوں، انصاف، میرٹ اور مساوی مواقع پر مبنی معاشرہ قیام پاکستان کی اساس ہے، ہمارے آباؤ اجداد نے خوشحال پاکستان کیلئے 1947 میں ہجرت کی ہمیں محاسبہ کرنا ہوگا کہ ہم بزرگوں کے خواب کی تعبیر کے کتنے قریب ہیں۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ دانش اسکولز کے طلبہ کی کامیابیاں دوسروں کیلئے مثال ہیں، مواقع ملنے پر محروم طبقات کے بچے بھی آگے بڑھ سکتے ہیں۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ دانش اسکولز کا دائرہ پنجاب سے نکل کر پورے پاکستان میں علم کی روشنی پھیلا رہا ہے جہاں جدید آئی ٹی اور مصنوعی ذہانت کی لیبارٹریز بھی قائم کی جائیں گی۔ اس وقت ملک کے مختلف علاقوں میں دانش اسکولز زیر تعمیر ہیں۔ قبل ازیں وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج ایک تاریخی دن ہے، تعلیم سے دانش کشید کرنے کیلئے دانش اسکول جیسے اداروں کی ضرورت تھی، وژن کا مقصد مستقبل کی نسلوں کی تعلیم وتدریس کا انتظام کرنا تھا۔ خالد مقبول صدیقی کا مزید کہنا تھا کہ دانش کا یہ سفر فکر، جستجو، تحقیق اور ترقی کا سفر ہے، امید ہے آئندہ نسلیں اس پہلے قدم کو منزل تک پہنچانے کا ذریعہ سمجھیں گی۔ اس موقع پر وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود کا اظہار خیال کرتے ہوئے کہنا تھا کہ دنیا شہباز شریف کو سیاستدان اور خادم پنجاب و پاکستان کیطور پر جانتی ہے وہ بہترین اصلاحات کرنے والے رہنما ہیں، انہوں نے بچوں کیلئے اسکالرشپس اور پنجاب دانش اتھارٹی کی بنیاد رکھی جواب پاکستان دانش اتھارٹی کے طور پر کام کر رہی ہے۔ دانش اسکول اسلام آباد کی طالبہ ایمن علی گل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بابا کہتے تھے بیٹا کچھ کر کے اور کچھ بن کر دکھانا ہے مگر سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے دلبرداشتہ ہو جاتی تھی۔ دانش اسکول میں داخلہ ملنے پر بابا کچھ پرخوشی تھی، اسکول دیکھ کر لگا کہ بابا کے خواب کی تعبیر مل گئی، آج اتنے بڑے اسٹیج پر پہنچ کر خوشی کی انتہا نہیں۔ انہوں نے وزیراعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ تقریب میں موجود تمام بچے بلاتفریق پاکستانی ہیں۔ دانش اسکول اسلام آباد کے ایک اور طالبعلم زاہد گل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہاں داخلہ ملنے پر بہت خوشی ہے، معیاری تعلیم کے ساتھ سائنس لیبارٹریز اور کھیلوں کی سہولتیں بھی میسر ہیں۔ زاہد گل نے اپنے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ کرم ایجنسی کے نجی اسکول کی فیس ادا کرنا مشکل تھا، میرے والد بزرگ ہیں اور آمدن کا کوئی ذریعہ نہیں، میرا بھائی لوگوں کی بھیڑ بکریاں چراتا ہے۔ اتوار کو کباڑ بیچ کر میں اپنے تعلیمی اخراجات پورے کرتا تھا، بچوں کی کہانیاں سن کر وزیراعظم سمیت شرکا آبدیدہ ہو گئے۔ اس موقع پر شہباز شریف نے طالبعلم زاہد گل کو گلے لگا کر حوصلہ دیا۔ افتتاحی تقریب میں وزیراعظم کو دانش اسکول اسلام آباد کے حوالے سے بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ یہ اسکول 30 ایکڑ رقبے پر تعمیر کیا گیا ہے جہاں کلاسز ششم، ہفتم اور ہشتم سے شروع کی گئی ہیں۔ ہر کلاس میں 120 بچے اور بچیاں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ مختلف علاقوں سے 360 ہونہار بچے، بچیوں کو سو فیصد میرٹ کی بنیاد پر داخل کیا گیا ہے، فی الحال 38 اساتذہ کو بھرتی کیا گیا ہے، ضرورت کے مطابق تدریسی اسٹاف میں اضافہ کیا جائیگا۔ اسکول میں لڑکوں اور لڑکیوں کے اکیڈمک بلاکس الگ الگ ہیں، ہر بلاک میں 24 کلاس رومز، آئی ٹی، سائنس، روبوٹکس لیبز قائم کی گئی ہیں، ای لائبریری اور آرٹ روم بھی قائم کیے گئے ہیں۔

بقیہ 13

پیش کرنے والوں کو بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں پاکستان میں جمہوری جدوجہد کی تاریخ کا اہم باب ہیں۔ ان کی قربانیوں کو ہمیشہ قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ صوبائی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جمہوریت کے لیے دی جانے والی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور شہداء کی جدوجہد جمہوری اقدار کے تحفظ کے لیے مشعل راہ رہے گی۔

بقیہ 14

کی کال پر عوام کی جانب سے ساتھ نہ دینا اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبے کے عوام ترقی اور خوشحالی کے حامی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخوا کسی کے باپ کی جاگیر نہیں، یہاں کے عوام باشعور ہیں اور انہوں نے اپنے فیصلے سے واضح کر دیا ہے کہ وہ انتشار کے بجائے ترقی چاہتے ہیں، انتشاری ٹولے کی حمایت میں کوئی بھی سامنے نہیں آیا اور عوام نے احتجاج کی کال پر ساتھ نہ دے کر اپنا فیصلہ سنا دیا۔ وفاقی وزیر نے پاکستان تحریک انصاف پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پختون عوام نے پی ٹی آئی کو تین مرتبہ صوبے میں اقتدار دیا، لیکن وہ عوام کی توقعات پر پورا اترنے میں ناکام رہی۔ امیر مقام نے الزام عائد کیا کہ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں صوبے میں لوٹ مار کا بازار گرم رہا اور گزشتہ 13 سال کے دوران خیبرپختونخوا کو کھنڈر بنا دیا گیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ خیبرپختونخوا کے عوام وفاقی حکومت کے اقدامات کا خیرمقدم کر رہے ہیں، صوبے کے بہادر عوام دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مسلسل قربانیاں دے رہے ہیں، جنہیں نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ خیبرپختونخوا کے عوام نے اپنے طرز عمل سے ثابت کیا ہے کہ وہ انتشار اور احتجاج کی سیاست کے بجائے امن، ترقی اور خوشحالی کے خواہاں ہیں۔

بقیہ 15

پیش کرنے والے کارکنوں کی قربانیاں آج بھی ہمارے دلوں میں زندہ ہیں۔ وزیراعلیٰ نے شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی بے مثال جرأت، ثابت قدمی اور جمہوریت کے لیے جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیاں جمہوری اقدار کے تحفظ اور عوامی حقوق کی جدوجہد کی اہم یادگار ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جمہوریت کے لیے اپنی جانیں قربان کرنے والے جیالے کارکنوں کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ ان شہداء کا لہو ہمیں ایک پرامن، جمہوری اور خوشحال پاکستان کی تعمیر کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھنے کا حوصلہ دیتا رہے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ جمہوری اقدار کا تحفظ، عوامی حقوق کی پاسداری اور ملک میں پائیدار امن و استحکام کے لیے جدوجہد جاری رکھنا شہداء کی قربانیوں کا حقیقی تقاضا ہے۔

بقیہ 16

ان کا استقبال کیا۔ دورے کا مقصد گوادر پورٹ اتھارٹی کے مختلف امور، جاری سرگرمیوں اور ترقیاتی منصوبوں سے متعلق تفصیلات کا جائزہ لینا ہے، گوادر پورٹ اتھارٹی کے ہیڈ آفس میں سیکریٹری میری ٹائم افیئر زکیپٹن (ر) محمد خرم آغا کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں چیئرمین گوادر بندرگاہ نورالحق بلوچ نے گوادر پورٹ کی مجموعی پیش رفت، 2.1 ملین گیلن یومیہ صلاحیت کے حامل واٹر ڈی سیلینیشن پلانٹ، گوادر فری زون کی سرگرمیوں، گوادر انٹرنیشنل ٹرمینل لمیٹڈ کے امور اور جی پی اے کے ماسٹر پلان کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی، بریفنگ کے دوران گوادر پورٹ کی اہمیت، تجارتی سرگرمیوں کے فروغ، فری زون کی ترقی اور بندرگاہ سے متعلق منصوبہ بندی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی۔ گوادر پورٹ کو خطے میں تجارت، ٹرانسشپمنٹ، ٹرانزٹ ٹریڈ اور بحری معیشت کے فروغ کے لیے ایک اہم تجارتی مرکز کی حیثیت حاصل ہے، جبکہ فری زون کی ترقی اور بندرگاہ سے منسلک کاروباری سرگرمیوں میں وسعت مقامی اور بین الاقوامی تجارت کے لیے اہمیت رکھتی ہے، اجلاس میں جی پی اے کے ماسٹر پلان سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے، جو گوادر پورٹ اور اس سے منسلک تجارتی وصنعتی سرگرمیوں کی مستقبل کی منصوبہ بندی کے حوالے سے اہمیت کا حامل ہے۔ گوادر پورٹ کے بنیادی ڈھانچے، ٹرمینل کی سرگرمیوں اور فری زون کی ترقی کو مربوط انداز میں آگے بڑھانا بندرگاہ کی تجارتی صلاحیت سے بھرپور استفادے کے لیے اہم سمجھا جاتا ہے، سیکریٹری میری ٹائم افیئرز کا یہ دورہ گوادر پورٹ اتھارٹی کے انتظامی اور ترقیاتی امور کا جائزہ لینے اور بندرگاہ سے متعلق اہم معاملات پر متعلقہ حکام سے براہ راست آگاہی حاصل کرنے کے تناظر میں اہمیت رکھتا ہے۔

بقیہ 17

(X) اکاؤنٹ پر جاری بیان میں کہا کہ سیاسی اختلافات کو قومی اداروں کی ساکھ اور وقار کو نقصان پہنچانے کا جواز نہیں بنانا چاہیے۔ ملکی خودمختاری اور سلامتی کے تحفظ کے لیے کام کرنے والے اداروں کا احترام قومی اتحاد کا بنیادی تقاضا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج کی قربانیوں کا احترام سیاسی وابستگیوں سے بالاتر رہنا چاہیے۔ مسلح افواج نہ صرف ملک بلکہ وسیع تر خطے میں بھی امن کے قیام کے لیے جدوجہد کر رہی ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ قومی یکجہتی اور ملکی سلامتی کو سیاسی اختلافات پر ترجیح دی جانی چاہیے۔

بقیہ 18

، دو وقت کی روٹی کا حصول محنت کش اور متوسط طبقے کے لیے بھی مشکل ہوتا جا رہا ہے، جبکہ حکومت اور متعلقہ ادارے عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ محکمہ خوراک اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اجلاسوں اور رسمی کارروائیوں کے بجائے عملی اقدامات کی ضرورت ہے، ذخیرہ اندوزوں اور ناجائز منافع خوروں کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے اور آٹے کی سرکاری نرخوں پر دستیابی یقینی بنائی جائے۔ جمعیت علماء اسلام بلوچستان نے مطالبہ کیا کہ حکومت عوام کو مہنگائی کے رحم و کرم پر چھوڑنے کے بجائے فوری طور پر آٹے کی قیمتوں میں استحکام لانے، مصنوعی قلت پیدا کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائی کرنے اور غریب خاندانوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کرے، کیونکہ بنیادی غذائی ضرورت کی عدم دستیابی اور مسلسل بڑھتی قیمتیں عوام کے لیے شدید معاشی مشکلات پیدا کر رہی ہیں، جنہیں نظرانداز کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔

بقیہ 19

وامان کے قیام کے لیے ایس ایچ او ندیم احمد بہرانی کی عملی کاوشیں قابل تحسین قرار۔ اوستہ محمد میں پولیس اور عوام کے درمیان رابطے مضبوط، ایس ایچ او ندیم احمد بہرانی کی کارکردگی نمایاں پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد کے ایس ایچ او ندیم احمد بہرانی کی جانب سے شہر میں امن و امان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے ساتھ مؤثر عوامی رابطوں پر توجہ دینے کے باعث اوستہ محمد شہر میں امن وامان کی صورتحال میں بہتری دیکھنے میں آ رہی ہے۔ ایس ایچ او ندیم احمد بہرانی نے شہریوں کے مسائل سننے اور ان کے فوری ازالے کے لیے عوامی رابطوں میں بھی تیزی لائی ہے، جس کے باعث شہریوں اور پولیس کے درمیان رابطے مزید مضبوط ہوئے ہیں۔

بقیہ 20

کے ذریعے تدریسی فرائض انجام دینے کی شکایات پر تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شبیر احمد لانگو کی جانب سے غیر حاضر اساتذہ کو اپنی جائے تعیناتی پر حاضر ہونے کی ہدایت کے لیے مراسلہ جاری کیے جانے کے بعد مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ اس حکم پر مؤثر اور عملی درآمد یقینی بنایا جائے۔ موصولہ شکایات کے مطابق بعض مرد و خواتین اساتذہ مبینہ طور پر طویل عرصے سے اپنی مقررہ جائے تعیناتی پر باقاعدگی سے حاضر نہیں ہو رہے، جبکہ بعض کے بارے میں یہ شکایات بھی سامنے آئی ہیں کہ انہوں نے اپنی جگہ غیر مجاز متبادل افراد مقرر کر رکھے ہیں۔ ان شکایات کی شفاف تحقیقات ضروری ہیں، کیونکہ اساتذہ کی مسلسل غیر حاضری اور تدریسی عمل میں رکاوٹ براہ راست بچوں کی تعلیم کو متاثر کر سکتی ہے۔ تعلیمی حلقوں کے مطابق صرف مراسلے جاری کرنا کافی نہیں، بلکہ متعلقہ اسکولوں میں اساتذہ کی حقیقی حاضری یقینی بنانا بھی ضروری ہے۔ اس مقصد کے لیے اچانک معائنے، حاضری رجسٹروں کی جانچ پڑتال، تدریسی کارکردگی کی نگرانی اور غیر مجاز متبادل افراد کے معاملے کی تحقیقات کی جائیں۔ اگر کسی استاد یا متعلقہ اہلکار کی جانب سے محکمانہ قواعد کی خلاف ورزی ثابت ہو تو اس کے خلاف قانون اور قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اس سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان، سیکرٹری تعلیم بلوچستان، کمشنر نصیرآباد ڈویژن، ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد اور اسسٹنٹ کمشنر اوستہ محمد سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے جاری کردہ مراسلے پر عمل درآمد کی نگرانی کریں اور متعلقہ تعلیمی اداروں کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ شہری حلقوں کا مطالبہ ہے کہ سرکاری اسکولوں میں اساتذہ کی حاضری اور تدریسی فرائض کی انجام دہی کے حوالے سے واضح اور قابل تصدیق اقدامات کیے جائیں، تاکہ سرکاری خزانے سے تنخواہیں وصول کرنے والے تمام اساتذہ کی ذمہ داریوں کی ادائیگی یقینی بنائی جا سکے۔ اگر غیر حاضری یا غیر مجاز متبادل نظام سے متعلق شکایات درست ثابت ہوں تو ذمہ داران کے خلاف بلاامتیاز محکمانہ کارروائی کی جائے۔ تعلیم بچوں کا بنیادی حق اور معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شبیر احمد لانگو کا جاری کردہ مراسلہ محض سرکاری دستاویز بن کر نہ رہ جائے، بلکہ اس پر عملی عمل درآمد کے ذریعے سرکاری تعلیمی اداروں میں حاضری، تدریسی معیار اور جواب دہی کو یقینی بنایا جائے۔ متعلقہ اعلیٰ حکام کی توجہ اور مؤثر نگرانی ہی اس مسئلے کے حل میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔

بقیہ 21

بلکہ جمہوریت، عوامی حقوق اور پاکستان پیپلز پارٹی کی تاریخ کا وہ دردناک باب ہے جس کی یاد آج بھی قوم کے دلوں کو غمگین اور جمہوری جدوجہد کے عزم کو تازہ کرتی ہے۔ شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور ان کا مشن جمہوریت پر یقین رکھنے والوں کے لیے مشعل راہ رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر میر علی حسن زہری نے کہا کہ 18 اکتوبر 2007ء کو شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی وطن واپسی کے موقع پر کراچی میں پیش آنے والے سانحہ کارساز نے پاکستان کی تاریخ پر گہرے نقوش چھوڑے۔ اس المناک سانحے میں قیمتی انسانی جانیں ضائع ہوئیں اور جمہوریت، امن اور عوام کے حق حکمرانی کے لیے جدوجہد کرنے والے کارکنوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ ان کی قربانیاں اس حقیقت کی گواہ ہیں کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے جمہوری اقدار کے تحفظ کے لیے ہمیشہ ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا ہے اور یہ سلسلہ صدر آصف علی زرداری کی مدبرانہ اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی ولولہ انگیز قیادت میں جاری وساری ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے آمریت کے خلاف جدوجہد، جمہوریت کی بحالی، آئین کی بالادستی اور عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی زندگی وقف کر دی۔ ان کی سیاسی جدوجہد اور سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیاں پاکستان کی جمہوری تاریخ کا ایسا ورثہ ہیں جنہیں وقت کی گرد کبھی دھندلا نہیں سکتی۔

بقیہ 22

کے تبادلے میں مزید 2 دہشت گرد بھی ہلاک ہوئے، اس کارروائی کے دوران اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ علاوہ ازیں خضدار میں آپریشن کے دوران فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو نشانہ بنایا جس میں 1 دہشت گرد مارا گیا، اس آپریشن کے دوران 490 کلوگرام دھماکا خیز مواد بھی برآمد کیا گیا۔ آئی ایس پی آر نے واضح کیا ہے کہ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی انسداد دہشت گردی مہم جاری رہے گی اور بیرونی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 23

گا اور سرکاری ہسپتالوں کا رخ کرنے والے ہر شہری کو عزت نفس کے احترام کے ساتھ بہترین اور جدید علاج معالجے کی فراہمی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، اس عزم کا اظہار انہوں نے نوتشکیل شدہ پشین ڈویژن میں صحت کے شعبے کو درپیش سنگین چیلنجز، انتظامی اصلاحات اور بجٹ کے امور کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ ایک اعلیٰ سطح کے خصوصی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز ڈاکٹر فضل محمد کاکڑ، ضلعی ناظم صحت ڈاکٹر گل زمان، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نصر اللہ لانگو، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال پشین اور اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر محمد جہانگیر بابر سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی، جبکہ کمشنر پشین کو انتظامی و مالیاتی امور سمیت ہسپتالوں کی آپریشنل حالت پر تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی، اجلاس کے دوران ڈویژن بھر کے ہسپتالوں میں زندگی بچانے والی لازمی ادویات اور جدید ترین تشخیصی و طبی آلات کی بلاتعطل فراہمی سمیت عملے اور افرادی قوت کی کمی کو ہنگامی بنیادوں پر پورا کرنے کا حتمی فیصلہ کیا گیا، کمشنر پشین ڈویژن نے پسماندہ اضلاع اور دور دراز علاقوں میں طبی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے بجلی کے متبادل نظام کے طور پر تمام مراکز صحت کو فوری طور پر شمسی توانائی پر منتقل کرنے، ہسپتالوں کی عمارات کی ہنگامی بنیادوں پر مرمت کرنے اور شعبہ حادثات (ایمرجنسی خدمات) کو چوبیس گھنٹے فعال اور معیاری بنانے کی مکتوب ہدایات بھی جاری کیں، انہوں نے متعلقہ آفسران کو سخت تاکید کی کہ وہ ان اصلاحات کے زمینی اثرات جلد از جلد عوام تک پہنچائیں کیونکہ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے میں کسی بھی سطح پر کوتاہی کی گنجائش نہیں ہے۔

بقیہ 24

ہے، چین کے تعاون سے پاکستان خلائی تحقیق کے میدان میں نئی بلندیوں کو چھوئے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ خلائی ٹیکنالوجی زراعت، مواصلات، موسمیاتی تبدیلیوں، تعلیم اور قومی سلامتی سمیت زندگی کے مختلف شعبوں میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، خلائی تحقیق مستقبل کی ترقی، سائنسی دریافتوں اور انسانی علم کے فروغ کے لیے ناگزیر ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ قرآن مجید انسان کو کائنات کی تخلیق پر غور وفکر کی دعوت دیتا ہے، لہٰذا نوجوانوں میں سائنسی تجسس، تحقیق اور علم کے حصول کا جذبہ پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، مسلمان سائنس دان ماضی میں فلکیات اور سائنسی تحقیق میں نمایاں مقام رکھتے تھے اور پاکستان کو علم و تحقیق کے میدان میں اپنی قیادت دوبارہ حاصل کرنے کے لیے آگے بڑھنا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے اسلام آباد سائنس فیسٹیول میں یونیورسٹی آف نارووال کی پہلی پوزیشن کو نوجوانوں کی صلاحیتوں کا مظہر قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے نوجوان علم اور تحقیق کے ذریعے نئی بلندیوں کو چھو رہے ہیں، ماضی میں مالی مشکلات کے باعث اعلیٰ تعلیم سے محروم رہ جانے والے طلبہ آج ملک بھر میں نمایاں کامیابیاں حاصل کر رہے ہیں۔ احسن اقبال نے اعلان کیا کہ نوجوانوں میں خلائی علوم سے دلچسپی بڑھانے اور سائنسی شعور اجاگر کرنے کے لیے یونیورسٹی آف نارووال میں پاکستان کا پہلا اسپیس میوزیم قائم کیا جائے گا، حکومت جدید ٹیکنالوجی اور ابھرتے ہوئے سائنسی شعبوں میں نوجوانوں کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کر رہی ہے تاکہ پاکستان کے نوجوان اپنی صلاحیتوں اور علم کی طاقت سے نئی بلندیوں کی طرف پرواز کریں۔

بقیہ 25

چکی ایسوسی ایشن خضدار کے عہدیداروں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اگر ضلع خضدار سے گندم باہر جانے پر پابندی لگائی جائے تو ضلع کے اندر گندم کا ریٹ کم ترین سطح پر آ سکتا ہے، جس سے عام عوام اور اہل علاقہ کو فائدہ ہوگا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اس وقت کچھ ذخیرہ اندوزوں نے لاکھوں بوری گندم اسٹاک کر کے رکھی ہوئی ہے۔ انہوں نے مصنوعی مہنگائی پیدا کر رکھی ہے۔ اگر انتظامیہ بروقت کارروائی کر کے گندم کی باہر منتقلی پر پابندی لگائے تو ذخیرہ اندوزوں کا اسٹاک مارکیٹ میں آئے گا اور گندم کا ریٹ خود بخود گر جائے گا۔ چکی ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا ہے کہ: - خضدار کی تمام چیک پوسٹوں پر گندم کی اسمگلنگ روکی جائے۔ - سرکاری ریٹ پر گندم کی فراہمی یقینی بنائی جائے چکی ایسوسی ایشن نے امید ظاہر کی ہے کہ انتظامیہ خضدار عوامی مفاد میں اس اہم مسئلے پر فوری ایکشن لے گی۔

بقیہ 26

بایاں بازو اور پاؤں مفلوج ہونے کے باوجود پلوشہ شہزادی نے تعلیم جاری رکھی اور وکالت کے شعبے میں نمایاں مقام حاصل کیا۔ بلند حوصلہ نوجوان وکیل پلوشہ شہزادی نے بتایا کہ وکالت کا پیشہ اختیار کرنے کی مخالفت کرنے والے ساتھی بھی آج انکی صلاحیتوں اور محنت کا اعتراف کرتے ہیں۔ پلوشہ شہزادی نے کہا کہ معذور افراد بھی قانون کے شعبے میں اپنا مقام بنا سکتے ہیں، اہلخانہ کی سپورٹ ہو تو کچھ بھی ناممکن نہیں۔ کوئٹہ کی باصلاحیت بیٹی پلوشہ شہزادی کا اگلا ہدف مقابلے کا امتحان پاس کر کے مجسٹریٹ بن کر ملک کا نام روشن کرنا ہے۔

بقیہ 27

سامنے نامعلوم تیز رفتار مسافر کوچ کی زد میں آ کر ظہیر احمد ولد بابو جاں بحق ہو گئے۔ جاں بحق نوجوان پاکستان پیپلز پارٹی یوتھ ونگ کے جنرل سیکرٹری عبداللہ سوری کے بڑے بھائی، عزیز کیبل آپریٹر اور عقیل احمد سوری کے بھائی بتائے جاتے ہیں۔ واقعے کے بعد کوچ ڈرائیور گاڑی سمیت موقع سے فرار ہوگیا۔

بقیہ 28

خود بھگتیں گے۔ سد قیصر نے خیبرپختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا ہر فورم پر مقابلہ کرنے کا اعلان کیا۔

بقیہ 29

قبولہ کے اہلکاروں نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل برآمد کی، تاہم ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے شہری صفیل برڑو سے سی ڈی موٹر سائیکل چھین لی اور موقع سے فرار ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے فوری کارروائی شروع کی اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ اس موقع پر ایس ایچ او پولیس تھانہ باغ ہیڈ انسپکٹر ظہیر عباس جمالی نے صدر تحصیل پریس کلب گنداخہ میجر جمالی سے ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے فوری اقدامات کیے اور مشترکہ کارروائی کے نتیجے میں چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں امن وامان برقرار رکھنے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی سے ادا کر رہی ہے، جبکہ واردات میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے بھی کوششیں جاری ہیں۔ صدر تحصیل پریس کلب گنداخہ میجر جمالی نے باغ ہیڈ پولیس کی بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے ایس ایچ او ظہیر عباس جمالی اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف فوری اور مؤثر کارروائیاں عوام کے اعتماد میں اضافے کا باعث بنتی ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ موٹر سائیکل چھیننے میں ملوث ملزمان کو جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ علاقہ مکینوں نے بھی پولیس کی بروقت کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ایس ایچ او ظہیر عباس جمالی اور پولیس اہلکاروں کی کارکردگی کو سراہا۔

بقیہ 30

صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر آصف علی زرداری نے کوئٹہ کے علاقے پنجپائی میں مقامی ٹریفک میں خلل ڈالنے کی کوشش ناکام بنانے اور دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ صدر مملکت نے نوشکی میں دہشت گردوں کے ٹھکانے کے خلاف مؤثر کارروائی اور دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر بھی سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا اور خضدار میں دہشت گردوں کے ٹھکانے کو نشانہ بنانے اور 490 کلوگرام دھماکہ خیز مواد برآمد کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کی تعریف کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی سازشوں کو ناکام بنایا جائے گا۔

بقیہ 31

کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، مستعدی اور قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کا مظہر ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم آٹھ دہشت گردوں کا خاتمہ سیکیورٹی فورسز کی اہم کامیابی ہے۔ پنجپائی میں دہشت گردوں کی جانب سے سڑک پر ناکہ بندی کی کوشش کو ناکام بنانا بھی سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی اور مستعدی کا ثبوت ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوشکی میں دہشت گردوں کے ٹھکانے سے اسلحہ اور گولہ بارود کی برآمدگی اور خضدار میں 490 کلوگرام دھماکا خیز مواد کی برآمدگی دہشت گردی کے ممکنہ خطرات سے نمٹنے کے لیے اہم پیش رفت ہے۔ دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمات قابل تحسین ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بے شمار قربانیاں دی ہیں، جنہیں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ ریاست دشمن عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور عوام کے معمولات زندگی کو متاثر کرنے میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ وژن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی، جبکہ پائیدار امن کے قیام کے لیے دہشت گردی کے نیٹ ورکس کے خاتمے اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت بلوچستان امن واستحکام کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 32

طلال چودھری نے کہا کہ خیبرپختونخوا کا سیٹ اپ کسی کو حصہ دینے کیلئے نہیں، جب بندہ پگڑی پہنے اور داڑھی ہو تو ذمہ داری بڑھ جاتی ہے، معدنیات نکالنے کیلئے خیبرپختونخوا میں ایمرجنسی لگانے کی ضرورت نہیں تھی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں برا کہہ لیں لیکن دہشتگردوں کے ساتھ کھڑے نظر نہ آئیں، ایسے لوگوں سے نمٹنا پاکستان کے اداروں کو آتا ہے، خیبر پختونخوا میں گورنر راج مختصر وقت کیلئے ہے۔ وزیر مملکت کا مزید کہنا ہے کہ یہ سیٹ اپ صرف دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے بنایا گیا، کوشش ہوگی جتنا جلد ہو سکے کے پی میں سیاسی سیٹ اپ بحال کر دیں۔

بقیہ 33

زیادہ ہیں، تاہم ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ ختم ہونے کے بعد ایندھن کی قیمتوں میں کمی متوقع ہے۔ الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق جے ڈی وینس نے پیٹرول کی بلند قیمتوں کا ذمہ دار ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز بند کرنے اور تیل بردار جہازوں پر حملوں کو قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کسی ایک ملک کی جانب سے عالمی توانائی کی ترسیل روکنے کی ایسی صورت حال پہلے کبھی نہیں دیکھی گئی۔ امریکی نائب صدر نے دعویٰ کیا کہ اگر امریکی بحریہ آبنائے ہرمز سے تیل اور گیس کی ترسیل جاری رکھنے میں کردار ادا نہ کر رہی ہوتی تو پیٹرول کی قیمتیں موجودہ سطح سے تین گنا زیادہ ہو سکتی تھیں۔ وینس کے مطابق اگر امریکا اس خطے سے پیچھے ہٹ جائے اور ایران کو آبنائے ہرمز سے گزرنے والی بحری تجارت پر کنٹرول حاصل ہو جائے تو امریکی شہریوں کو پیٹرول کے لیے کہیں زیادہ قیمت ادا کرنا پڑے گی۔ آبنائے ہرمز عالمی توانائی کی تجارت کے لیے ایک اہم بحری گزرگاہ ہے، جہاں سے بڑی مقدار میں خام تیل اور دیگر توانائی مصنوعات منتقل کی جاتی ہیں۔ اس راستے میں رکاوٹوں یا سیکیورٹی خدشات کے باعث عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں اور ایندھن کے اخراجات پر دباؤ بڑھ سکتا ہے۔ جے ڈی وینس نے قیمتوں میں کمی کی امید ظاہر کی، تاہم ان کے بیان میں پیٹرول کی قیمتوں میں کمی کے لیے کوئی مخصوص تاریخ یا متوقع نرخ نہیں بتائے گئے۔

بقیہ 34

دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، مستعدی اور مؤثر حکمت عملی کا ثبوت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن واستحکام کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی ادارے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے علاقے پنجپائی میں دہشت گردوں کی جانب سے سڑک پر ناکہ بندی کی کوشش کو ناکام بنانا سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کا نتیجہ ہے۔ دہشت گرد اپنے مذموم عزائم کے ذریعے عوامی زندگی اور آمد و رفت کو یرغمال نہیں بنا سکتے اور نہ ہی عوام میں خوف و ہراس پھیلانے کی کوششوں میں کامیاب ہوں گے۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ نوشکی میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے اسلحہ اور گولہ بارود کی برآمدگی سیکیورٹی فورسز کی مؤثر حکمت عملی کی عکاسی کرتی ہے، جبکہ خضدار میں دہشت گردوں کے ٹھکانے سے 490 کلوگرام دھماکا خیز مواد برآمد ہونا بھی ایک اہم پیش رفت ہے۔ ایسے اقدامات دہشت گردی کے ممکنہ خطرات کی روک تھام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے انتہائی اہمیت رکھتے ہیں۔ وزیر داخلہ بلوچستان نے کہا کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کے مکمل خاتمے، امن وامان کی بہتری اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوام کے تحفظ اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ انہوں نے سیکیورٹی فورسز کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں امن کا قیام اور شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 35

انکار کر دیا۔ وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ وزیراعظم ہاؤس کسی کی ذاتی ملکیت نہیں، ریاست کی ملکیت ہے، پہلے بھی ایسی ضدیں کی جا چکی ہیں، یہ طریقہ قبول نہیں۔

بقیہ 36

پر امریکی بحریہ کی جانب سے پاکستان سے ایران پر کارروائی کا دعویٰ کیا گیا، جو سراسر بے بنیاد ہے۔ وزارت اطلاعات نے اپنے بیان میں کہا کہ اسطرح کے جھوٹے دعوے پھیلانا غلط فہمیوں اور انتشار کو ہوا دینے کے وسیع تر ایجنڈے کا حصہ ہے۔ وزارت اطلاعات کا کہنا ہے کہ ایسی سوشل میڈیا پوسٹس کسی بھی سنجیدہ مبصر کی توجہ کے لائق نہیں، ان بے بنیاد خبروں کو پروپیگنڈا قرار دے کر اسی انداز میں ان سے نمٹنا چاہیے۔

بقیہ 37

کی بیرون ملک منتقلی کے حوالے سے پرتگال کا نام سامنے آ رہا ہے اور وہ چند ماہ قبل بھی اس موضوع پر ایکس پر بیان دے چکے ہیں۔ خواجہ آصف نے دعویٰ کیا کہ اس سلسلے میں جن افسران کے نام سامنے آ رہے ہیں، وہ برسوں سے مختلف حکومتوں کی توجہ اور سرپرستی حاصل کرتے رہے ہیں اور اہم عہدوں پر فائز ہیں۔ انہوں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ مستقل رہائش (پی آر) کے حصول میں مبینہ سہولت کاری کرنے والا ایک شخص متعدد دولت مند بیوروکریٹس سے بھاری رقوم وصول کرنے کے بعد فرار ہے، اس معاملے سے متعلق مختلف کہانیاں گردش کر رہی ہیں، تاہم انہوں نے اپنے بیان میں متعلقہ افسران، مبینہ سہولت کار یا مالی لین دین کے حوالے سے تفصیلی شواہد پیش نہیں کیے۔ وفاقی وزیر دفاع نے سوال اٹھایا کہ جو لوگ اعلیٰ سرکاری عہدوں پر فائز رہے، جنہیں وطن نے عزت دی، جنہیں جائز یا ناجائز ذرائع سے دولت جمع کرنے کے مواقع میسر آئے اور جو سیاست دانوں کے منظور نظر رہے، کیا ان کی ملک کے ساتھ وابستگی کو ملازمت کے پورے دورانیے میں شک و شبہے سے بالاتر سمجھا جا سکتا ہے؟ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ آیا ایسے افسران اپنی سرکاری ملازمت کے دوران پاکستان کے ساتھ مستقل وابستگی رکھتے ہیں یا ان میں سے بعض مستقبل میں بیرون ملک منتقل ہونے کے منصوبوں کے تحت محض عبوری طور پر یہاں خدمات انجام دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری افسران کی بیرون ملک منتقلی، مستقل رہائش کے انتظامات، مالی وسائل اور سرکاری ذمہ داریوں کے حوالے سے اہم سوالات کو نمایاں کیا ہے، ان معاملات کی حقیقت جاننے کے لیے متعلقہ افسران کے اثاثوں، آمدن کے ذرائع، بیرون ملک سرمایہ کاری اور قانونی تقاضوں کی پابندی کا شفاف جائزہ ضروری ہے۔

بقیہ 38

کہ سانحہ کارساز کے شہدا کا لہو گواہی دیتا ہے کہ دہشت گردی، انتہاپسندی اور تشدد جمہوریت کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتے، سانحہ کارساز کے شہدا کی قربانیاں قومی تاریخ کا ایسا روشن باب ہیں جسے قوم ہمیشہ یاد رکھے گی۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید بینظیر بھٹو کا مشن آئین کی بالادستی، عوام کی حکمرانی، مساوات، سماجی انصاف اور ایک پرامن، خوشحال و ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر ہے، پاکستان پیپلز پارٹی اسی مشن پر کاربند رہتے ہوئے جمہوری اداروں کے استحکام، آئین کے تحفظ اور عوام کے حقوق کی پاسداری کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ چیئرمین نے شہدا کے درجات کی بلندی اور ان کے اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ کارساز کے شہدا کی یاد جمہوریت، ثابت قدمی اور قربانی کے اس عہد کی تجدید ہے جسے آنے والی نسلیں بھی مشعل راہ بنائیں گی، ان کی قربانیاں ہمیشہ اس عزم کی یاد دلاتی رہیں گی کہ عوام کی حکمرانی اور جمہوری اقدار کے تحفظ کی جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 39

حملہ دراصل جمہوریت اور جمہوری اقدار پر حملہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کارساز میں 170 سے زائد جیالوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر ثابت کیا کہ عوامی طاقت کو بندوق اور بارود سے دبایا نہیں جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے کارساز کی قربانیاں جمہوری جدوجہد کا ناقابل فراموش باب ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ شہداء کے خون سے ملک میں آمریت کے خاتمے اور جمہوریت کی بحالی کی راہ ہموار ہوئی۔ آج بھی پاکستان پیپلز پارٹی اپنے شہداء کے مشن پر کاربند ہے۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ شہدائے کارساز کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں اور ان کے اہل خانہ سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ اللہ پاک تمام شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان حکومت شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے وژن کے مطابق جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے تحفظ کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 40

سے منسوب کر کے وڈھ لے جایا گیا۔ جب لاش وڈھ پہنچی تو ورثاء اور قریبی رشتہ داروں نے لاش دیکھ کر فوری تصدیق کی کہ یہ لاش شبیر احمد بارنزئی کی نہیں ہے، بلکہ کسی اور شخص کی ہے۔

بقیہ 1

کی میز پر لانے کے لیے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ہیگسیتھ نے ایران پر حزب اللہ اور یمن کے حوثی گروپ کی مالی معاونت کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ امریکا اپنے فوجیوں اور بحری جہازوں کو حملوں سے محفوظ رکھنے کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔ خطاب کے دوران امریکی وزیر دفاع نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی خارجہ پالیسی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ واشنگٹن لاطینی امریکا میں ایران، چین اور روس کے اثر و رسوخ کو محدود کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے وینزویلا میں امریکی آپریشن کو بھی اہم قرار دیا اور کہا کہ اس کے دوررس اثرات مرتب ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ وینزویلا کے وسیع تیل ذخائر اسے امریکا کے لیے تزویراتی لحاظ سے اہم بناتے ہیں۔

بقیہ 2

سرمایہ ہیں۔ ان جیالوں نے ثابت کیا کہ پیپلز پارٹی کی جدوجہد محض نعروں تک محدود نہیں، بلکہ اس کی بنیاد عوام سے وابستگی، جمہوری اصولوں اور اپنے نظریے سے غیر متزلزل وفاداری پر ہے۔ ان کی قربانیاں ہمیں یہ پیغام دیتی ہیں کہ سیاسی جدوجہد میں مشکلات اور آزمائشوں کے باوجود اپنے اصولوں پر ثابت قدم رہنا ہی اصل عزم ہے۔ بینا مجید بلوچ نے کہا کہ ہماری ذمہ داری ہے کہ شہید بینظیر بھٹو کے مشن، ان کے سیاسی فکر و فلسفے اور عوامی خدمت کے نظریے کو نئی نسل تک منتقل کریں۔ بلوچستان کے نوجوان اور پیپلز پارٹی کے جیالے بھی اس جدوجہد کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور صدر زرداری کی قیادت میں ہم اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ جمہوریت کے استحکام، عوامی حقوق کے تحفظ اور ایک منصفانہ معاشرے کے قیام کے لیے اپنی سیاسی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ سانحہ کارساز کے شہداء کو حقیقی خراج عقیدت یہی ہے کہ ہم ان کے مشن کو آگے بڑھائیں اور ایک مضبوط، جمہوری اور خوشحال پاکستان کی تعمیر کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں۔

بقیہ 3

ادارے میں نظم وضبط اساتذہ کی باقاعدہ حاضری اور سرکاری ریکارڈ کی درستگی کو یقینی بنانے کے لیے موجودہ انتظامات کا جائزہ لینا تھا۔ معائنے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے تدریسی عملے کی حاضری اور رخصت سے متعلق ریکارڈ کا جائزہ لیا جس کے دوران بعض اساتذہ کی گزشتہ دو ماہ سے غیر حاضری رخصت کے باقاعدہ ریکارڈ کی عدم دستیابی اور حاضری رجسٹرز کی نامناسب دیکھ بھال جیسے امور سامنے آئے اس کے علاوہ کالج کے عملے کی جانب سے بتایا گیا کہ بعض پروفیسرز حاضری رجسٹر میں باقاعدگی سے اپنی حاضری کا اندراج بھی نہیں کر رہے تھے جو انتظامی نظم وضبط اور سرکاری ریکارڈ کی درستگی کے حوالے سے توجہ طلب معاملہ ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے ان بے ضابطگیوں کو نوٹ کرتے ہوئے متعلقہ ریکارڈ کی مکمل جانچ پڑتال اور غیر حاضریوں کی وجوہات کا تعین کرنے کی ضرورت پر زور دیا انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی حاضری رخصت کے اندراج اور سرکاری دستاویزات کی مناسب دیکھ بھال قواعد وضوابط کے مطابق ہونی چاہیے تاکہ ادارے کے انتظامی معاملات شفاف اور منظم انداز میں چلائے جاسکیں۔ انہوں نے اس امر کی اہمیت پر بھی زور دیا کہ تدریسی عملے کی باقاعدہ حاضری طالبات کی تعلیم کے تسلسل، تدریسی سرگرمیوں کی بہتری اور تعلیمی معیار کو برقرار رکھنے کے لیے نہایت ضروری ہے اس سلسلے میں متعلقہ حکام کو چاہیے کہ وہ حاضری اور رخصت کے ریکارڈ کو درست اور اپ ڈیٹ رکھیں اور سامنے آنے والی بے ضابطگیوں کا قواعد وضوابط کے مطابق جائزہ لے کر ضروری اصلاحی اقدامات کریں۔ ضلعی انتظامیہ اُستا محمد سرکاری تعلیمی اداروں میں تعلیمی ماحول کی بہتری اساتذہ کی ذمہ داریوں پر عمل درآمد حاضری کے نظام کو مؤثر بنانے اور انتظامی امور میں شفافیت یقینی بنانے کے لیے نگرانی کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے، تاکہ طالبات کو بہتر تعلیمی سہولیات فراہم کی جاسکیں اور سرکاری اداروں کی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جا سکے

بقیہ 4

ایسوسی ایشن ملک خدابخش نے خط میں چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کو باضابطہ خط لکھ کر مداخلت کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں 14 ہزار پٹرولیم ڈیلرز متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ پٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن نے دوسرا خط چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی کابینہ سیکریٹریٹ سینیٹر رانا محمود الحسن کو لکھا ہے جس میں آئل مارکیٹنگ کمپنی تبدیلی کے لیے این او سی کی شرط پر تفصیلی وضاحت اور نظر ثانی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اوگرا نوٹیفکیشن کے مطابق لیز ختم ہونے پر دوسری آئل مارکیٹنگ کمپنی میں جانے کے لیے موجودہ کمپنی سے این او سی لازمی قرار دیا گیا ہے، خط کے متن کے مطابق نوٹیفکیشن حیران کن اور تشویشناک ہے، تمام فریقین کا فوری اجلاس بلانے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ خط میں آئل مارکیٹنگ کمپنی تبدیلی کے لیے این او سی کی شرط پر تفصیلی وضاحت اور نظر ثانی اور کوئی بھی کارروائی سے پہلے معاملے کا جامع جائزہ لینے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اوگرا کے 5 اگست کو نوٹیفکیشن جاری کیا تھا جس میں لیز معاہدہ ختم ہونے پر دوسری آئل مارکیٹنگ کمپنی میں جانے کے لیے موجودہ کمپنی سے این او سی لینا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ چیئرمین پی پی ڈی اے ملک خدابخش کے مطابق این او سی کی شرط اجلاس کے ایجنڈے میں شامل ہی نہیں تھی، نوٹیفکیشن حیران کن اور تشویشناک ہے، تمام فریقین کا فوری اجلاس بلانے کا مطالبہ کرتے ہیں، قانونی شقوں کا جائزہ لے کر واضح فیصلہ کیا جائے اور متعلقہ اداروں کے دائرہ اختیار کو واضح کیا جائے۔ چیئرمین پی پی ڈی اے ملک خدابخش کے مطابق اوگرا کی جانب سے ریٹیل آؤٹ لیٹس کے لیے دوسری او ایم سی میں جانے پر موجودہ کمپنی سے این او سی لازمی قرار دینا حیران کن ہے، ملک بھر کے پیٹرولیم ڈیلرز میں شدید تشویش پائی جاتی ہے، پی پی ڈی اے اس وقت تک اس کی قانونی حیثیت کو تسلیم کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے، کوئی مزید کارروائی کرنے سے پہلے اس معاملے کی وضاحت اور جامع جائزہ لیا جائے۔

بقیہ 5

2 نومبر سے 5 نومبر تک جاری رہنے والی قومی انسداد پولیو مہم کے انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں، پولیو ٹیموں کی مؤثر نگرانی اور سیکورٹی کو یقینی بنایا جائے تاکہ پانچ سال سے کم عمر کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلعی افسران اور محکمہ صحت کے میڈیکل افسران کے اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر میر بہادر بنگلزئی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر قادر ہارون، ڈاکٹر اشرف، شعیب نچک، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت سید مظہر علی شاہ، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت آن فارم ڈاکٹر ایاز لاشاری، ڈپٹی ڈائریکٹر پولٹری فارم ڈاکٹر ریحان منظور، ڈاکٹر صلاح الدین مری، ای ٹی او عطا محمد نچک، الحاج صوفی سلیمان نقشبندی، پی ایس ٹو ڈپٹی کمشنر فہیم قریشی اور میڈیا نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈاکٹر صلاح الدین مری نے ڈپٹی کمشنر اور اجلاس کے شرکاء کو آئندہ ماہ شروع ہونے والی قومی انسداد پولیو مہم کے انتظامات، تیاریوں اور متعلقہ امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر میجر ریٹائرڈ الیاس کبزئی نے کہا کہ سرد علاقوں سے خانہ بدوش خاندانوں سمیت دیگر لوگوں کی سیوی آمد کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ پولیو مہم کے آغاز میں تقریباً 15 سے 20 دن باقی ہیں۔ اس صورتحال کے پیش نظر ضروری ہے کہ ابھی سے مؤثر منصوبہ بندی کی جائے اور ناڑی بینک کے مقام پر آنے والے خانہ بدوش خاندانوں کا ڈیٹا جمع کیا جائے، کیونکہ یہ خاندان سیوی شہر اور مختلف دیہی علاقوں میں قیام کرتے ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ خانہ بدوش خاندانوں اور نقل مکانی کرنے والی آبادیوں کے بچوں کی نشاندہی کر کے ان تک پولیو سے بچاؤ کے قطرے پہنچانے کے لیے جامع حکمتِ عملی مرتب کی جائے، تاکہ کوئی بھی بچہ حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہ جائے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو ٹیموں کی مہم کے دوران سخت نگرانی کی جائے اور متعلقہ ضلعی افسران اپنے اپنے علاقوں میں ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے ساتھ باہمی رابطوں کو مؤثر بنائیں۔ انہوں نے بالخصوص دیہی علاقوں میں پولیو ٹیموں کی سکیورٹی یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ٹیموں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا متعلقہ اداروں کی اہم ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ خود بھی انسداد پولیو مہم کے دوران شہری اور دیہی علاقوں کا دورہ کر کے پولیو ٹیموں کی کارکردگی اور انتظامات کا جائزہ لیں گے۔

بقیہ 6

گردی کے خلاف جنگ جاری ہے، پوری قوم اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک دشمن عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو کسی صورت نہیں چھوڑیں گے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والوں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

بقیہ 7

برداری کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے رہنماؤں سمیت ٹرانسپورٹ یونین کے عہدیداروں نے شرکت کی تقریب سے ٹرانسپورٹ یونین کے رہنماؤں حاجی نور محمد شاہوانی، حاجی ظاہر شاہ یوسف زئی، حاجی اللہ محمد اچکزئی، رضا محمد، ملک شیر علی بلوچ، خان اوتمان خیل، ضیاء الحق، ذوالفقار بابو ریئسانی اور ملک سہیل خان کاکڑ نے خطاب کیا نو منتخب کابینہ میں ملک طاہر خان کاکڑ صدر، عبدالجبار کاکڑ جنرل سیکرٹری، جلات خان حریفال سینئر نائب صدر، حاجی وزیر خان مندوخیل ڈپٹی جنرل سیکرٹری، خلیل الرحمٰن بابر فنانس سیکرٹری، عبدالغفار کبزئی فنانس سیکرٹری دوم، پائندہ خان کبزئی پریس سیکرٹری، حاجی اجوال خان بابر پریس سیکرٹری دوم، باران شاہ شیرانی آفس سیکرٹری اور عبدالرحمٰن لون قانونی مشیر منتخب ہوئے اسی طرح حاجی مولا داد اللہ مندوخیل کو سرپرست اعلیٰ جبکہ خانداد مندوخیل، حاجی محمد حسین بابر اور حاجی غلام حسین شیرانی کو سرپرست مقرر کیا گیا۔ اشرف الدین کاکڑ اور ظریف خان پنیزئی اعزازی ممبران میں شامل ہیں

بقیہ 8

مطابق ڈیرہ مراد جمالی پولیس تھانہ سٹی کی حدود میر محمد مراد ابڑو قبرستان نزدیک نامعلوم افراد نے اسلحہ کے زور پر مولوی ارشاد علی ابڑو سے موٹر سائیکل اور موبائل نقد رقم چھین کر فرار ہو گئے جبکہ دوسری واقعات ڈیرہ مراد جمالی عبداللہ شاہ ٹاؤن مین روڈ پر محمد سعید ولد ڈاکٹر ابوبکر کھوسہ سے موٹر سائیکل 125 ماڈل 2026 اور موبائل نقد رقم اور موں ائل فون لوٹ کر فرار ہو گئے

بقیہ 9

معاشی خودمختاری اور باوقار زندگی کے لیے کوشاں ہے۔ سینئر روبینہ خالد نے مزید کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے نظریے کے مطابق خواتین کو بااختیار بنانا اور غریب خاندانوں کو سہارا دینا ہماری ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کارساز کے شہدا کا مشن جمہوریت، امن اور عوامی خدمت کے ذریعے آگے بڑھانا ہوگا، شہدا کی قربانیاں ہمیں عزم، حوصلے اور عوامی خدمت کے راستے پر ثابت قدم رہنے کا درس دیتی ہیں۔

بقیہ 10

اندرونی راستوں پر مسلسل لوٹ مار کے واقعات میں دن بدن اضافہ کے ساتھ ایس پی کچھی مرتضیٰ بھٹو کی گاڑی پر فائرنگ کی شدید مزمت کرتے ہوئے کہا کہ قومی شاہراہ این 65 پر ملک بھر کے ٹرانسپورٹرز مسافر سفر کرتے ہیں جس سے لاکھوں افراد روزگار سے وابستہ ہو کر ملک کو لاکھوں کی ااٰمدنی فراہم کرتے ہیں ماضی کے برعکس آج سفر اس قابل نہیں رہا جس کی بڑی وجہ فارم 4 کے زرلیے مسلط کردہ نمائندہ اور اس کے ہمنو ہے اگر یہاں حقیقی قیادت عوام کی نمائندگی کرتی تو کچھی سمیت قومی شاہراہ پر سفر کرنے والے سینکڑوں ٹرانسپورٹرز مسافروں لوٹ مار سے محفوظ رہتے ہوئے اپنی زندگیاں احسن پر سکوں انداز سے بسر کرتے روزگار سے وابستہ رہتے اب ان کو مزید ایسی صورتحال کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا انہوں نے کہا کہ حکومت فوری اور ٹھوس بنیادوں پر عملی اقدامات اٹھاتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر لوٹ مار کرنے والے کے سہولت کاروں کے خلاف کاروائیاں شروع کر کے ان افراد کو قانون کے کٹہرائے میں لاکھڑا کر کے عوام کی جان مال کی حفاظت کو یقینی بنائے اگر حکومت نے اب بھی لاپرائی غفلت کا مظاہرہ کیا تو عوام کا احساس ختم ہو سکتا ہے جس کی تمام زمے داری نااہل حکومت پر عائد ہوگی چیف آف رند سردار یار محمد رند نے کہا کہ رند قبائل کے جان مال کی حفاظت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کریں گے۔

بقیہ 11

میں دہشت گردوں کی جانب سے سڑک پر ناکہ بندی کی کوشش کو ناکام بنانا ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے عوام کی جان و مال اور آمد و رفت کو محفوظ بنانے کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں کارروائیوں کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم 8 دہشت گردوں کی ہلاکت سیکورٹی اداروں کی اہم کامیابی ہے۔ کوئٹہ میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے اسلحہ اور گولہ بارود جبکہ خضدار میں 490 کلوگرام دھماکا خیز مواد کی برآمدگی سیکورٹی فورسز کی مؤثر حکمت عملی اور دہشت گردی کے ممکنہ خطرات سے نمٹنے کی کوششوں کو ظاہر کرتی ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ دہشت گرد اپنے مذموم عزائم کے ذریعے عوام کی روزمرہ زندگی، نقل و حرکت اور معمولات کو یرغمال نہیں بنا سکتے۔ ریاستی ادارے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن کے قیام کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن کا قیام، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور دہشت گردی کا مکمل خاتمہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ حکومت سکیورٹی فورسز کے ساتھ مل کر صوبے میں امن و استحکام کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گی۔ میر سلیم کھوسہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور عوام کے تعاون سے بلوچستان کو امن و ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی کوششیں جاری رہیں گی۔

بقیہ 12

صورت میں مصر خاموش نہیں رہ سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی قیادت کی ہدایت اور درخواست پر دفاعی تعاون کیا جاسکتا ہے، تاہم اس کے لیے پارلیمنٹ کی منظوری ضروری ہوگی۔ مصری سرکاری میڈیا کے مطابق صدر السیسی کی درخواست پر پارلیمنٹ کا ہنگامی اجلاس اتوار کو طلب کیا گیا، جس میں سعودی عرب کے دفاع کے لیے ممکنہ تعاون پر غور کیا جانا تھا۔ مصر 2015 میں یمن میں سعودی قیادت میں قائم فوجی اتحاد میں شامل ہوا تھا، تاہم اس کا کردار زیادہ تر بحیرہ احمر میں بحری راستوں کے تحفظ تک محدود رہا ہے۔ حوثی حملوں سے مصر کے معاشی مفادات بھی متاثر ہوئے ہیں۔ مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی کے مطابق 2023 میں تجارتی جہازوں پر حوثی حملے شروع ہونے کے بعد سے نہر سوئز کو تقریبا 11 ارب ڈالر کی آمدنی کا نقصان ہوا ہے۔ دوسری جانب ایران نے سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان تنازع کے حل کے لیے سیاسی مذاکرات کی حمایت کرتے ہوئے ثالثی کی پیشکش دہرائی ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے بغداد میں اسلامی تعاون تنظیم کے اجلاس کے موقع پر کہا کہ اس مسئلے کا پائیدار حل ایک جامع سیاسی عمل میں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خطے کے ممالک کو مشترکہ طور پر سلامتی کے لیے کام کرنا چاہیے۔ سعودی عرب ایران پر حوثیوں کی حالیہ کارروائیوں کی حوصلہ افزائی کا الزام عائد کرتا ہے، تاہم تہران اس الزام کی تردید کرتا ہے۔

بقیہ 13

اعجاز لغاری، زاہد جلبانی، سید ارشد راشدی اور دیگر نے شرکت کی۔ تقریب میں شرکا نے جذباتی انداز میں نعرے لگاتے ہوئے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا، سانحہ کارساز کے 20 شہدا، جنہیں میں بھٹو ہوں کا نام دیا گیا تھا، کی قبروں پر حاضری دی گئی، پھول چڑھائے گئے اور فاتحہ خوانی کر کے انہیں خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 18 اکتوبر 2007 کے سانحے کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا، شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی وطن واپسی پر ان کے تاریخی استقبال کے لیے ایئرپورٹ سے نکلنے والی ریلی پر دہشت گردوں نے یکے بعد دیگرے دو خودکش دھماکے کیے، ان دھماکوں میں شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کو نشانہ بنانے کی کوشش کی گئی، اس سانحے میں محترمہ بے نظیر بھٹو کے 177 سے زائد جانثار شہید جبکہ 400 سے زائد زخمی ہوئے، ان شہدا میں 20 ایسے افراد بھی شامل تھے جن کی شناخت نہیں ہو سکی تھی جس کے بعد شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی خواہش کے مطابق انہیں گڑھی خدا بخش بھٹو میں جان نثاران بے نظیر قبرستان میں دفن کیا گیا اور انہیں میں بھٹو ہوں کا نام دے کر ان کی قبروں پر یہ کتبے نصب کیے گئے۔ پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نے کہا کہ ہر سال ان شہدا کی قبروں پر قرآن خوانی کی جاتی ہے، دعائیں مانگی جاتی ہیں اور حاضری دے کر انہیں خراج عقیدت پیش کیا جاتا ہے، یہ سلسلہ ہمیشہ جاری رہے گا، ان شہدا کی عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ 14

داخل کر کے کلمہ طیبہ پڑھ کر اسلام قبول کر کے مسلمان ہوئی جس کا اسلامی نام (یا) رکھا گیا مقامی پریس کلب میں جا کر لڑکی نے اپنی جان کے تحفظ کی درخواست بھی کی واضح رہے کہ والدین نے الزام لگایا کہ لڑکی کی عمر 14 سال ہے جس کو زبردستی اغواء کر کے شادی کی گئی جس کی ایف آئی آر سٹی تھانہ سبی میں درج بھی کی جاچکی ہے مزید تفتیش مقامی پولیس نے شروع کر رکھی ہے۔

بقیہ 15

سائبر ریسرچ ادارے سٹیزن لیب نے انکشاف کیا ہے کہ 2024 اور 2025 کے دوران اسرائیلی ایڈورٹائزنگ فرم نے عام اشتہارات کے ذریعے "زیرو کلک *" جاسوسی کا جال بچھایا۔ الجزیرہ کی ٹیکنیکل ٹیم نے 2024 میں اپنے سسٹم میں غیر معمولی سرگرمی دیکھی تھی، جس کے بعد انہوں نے سٹیزن لیب کو تحقیقات کے لیے بلایا۔ الجزیرہ نے اسے پریس فریڈم پر حملہ قرار دیتے ہوئے مکمل آزاد تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ سب سے خوفناک بات یہ ہے کہ اس حملے کے لیے صحافیوں کو کسی لنک پر کلک کرنے کی بھی ضرورت نہیں پڑی۔ جیسے ہی موبائل یا کمپیوٹر پر ایک عام سا اشتہار جیسے موبائل فون یا ایئربڈز کا اسکرین پر آیا، اسی لمحے اسرائیلی کمپنی کا تیار کردہ مہلک اسپائی ویئر ڈیوائس میں گھس گیا۔ اس ٹیکنالوجی کو ماہرین نے ایڈفلشن کا نام دیا ہے۔ یہ دنیا میں پہلی بار ہے کہ آن لائن اشتہارات کو ہتھیار بنا کر صحافیوں کو ہیک کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق الجزیرہ کے کم از کم 45 صحافیوں اور اسٹاف کے کمپیوٹرز میں یہ وائرس داخل ہوا۔ ایک بار داخل ہونے کے بعد ہیکرز تمام فائلز، دستاویزات، ای میلز اور پاس ورڈز چوری کر سکتے تھے۔ اس کے ذریعے ہیکر کو کی بورڈ پر ٹائپ ہونے والا ہر لفظ، اسکرین شاٹس، مائیک، کیمرے، واٹس ایپ اور دیگر میسیجز تک بھی رسائی مل جاتی ہے۔ تحقیق میں انکشاف ہوا کہ یہ جاسوسی اشتہارات 1 لاکھ 20 ہزار ویب سائٹس اور 75 ہزار موبائل ایپس پر چلائے گئے۔ گوگل نے Discover-Tech کو اپنی پالیسیوں کی خلاف ورزی پر بلیک لسٹ کر دیا ہے جبکہ یورپی اشتہاری ادارے نے بھی اسے معطل کر دیا ہے۔ یاد رہے 2020 میں بھی 36 الجزیرہ صحافیوں کے فون اسرائیلی NSO گروپ کے Pegasus سافٹ ویئر سے ہیک ہوئے تھے۔

بقیہ 16

بریگیڈیئر جنرل حسین محبی نے امریکی فوج کے طاقتور ترین غیر جوہری بم مدر آف آل بمز کے نام پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ صرف ایک وحشی تہذیب ہی کسی مقدس لفظ کو تباہی پھیلانے والے ہتھیار کے لیے استعمال کر سکتی ہے۔ مستقبل اس قوم کا ہے جو دشمن کی بڑی سے بڑی دھمکی کو عوامی مذاق کا موضوع بنا دے۔ یہ بیان ان اطلاعات کے بعد سامنے آیا ہے کہ امریکی فوج نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کے خلاف فوجی کارروائیاں دوبارہ شروع کرنے کے حکم کی صورت میں ایرانی توانائی تنصیبات اور جوہری مقامات کو نشانہ بنانے کے منصوبوں پر غور کیا ہے، جن میں مدر آف آل بمز کا استعمال بھی شامل ہو سکتا ہے۔ اس بم کا ممکنہ استعمال امریکا اور ایران کے درمیان جاری جنگ میں نمایاں شدت کا سبب بن سکتا ہے۔

بقیہ 17

پر فراہمی یقینی بنانے اور مصنوعی بحران پیدا کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائی کرنے کے بجائے محکمے کی جانب سے محض رسمی کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ فلور ملز ایسوسی ایشن کے ساتھ مبینہ ملی بھگت اور بھتہ خوری کے الزامات کی شفاف تحقیقات ہونی چاہئیں تاکہ ذمہ دار عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جاسکے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ سرفراز حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے بجائے خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ صوبے میں غریب خاندان دو وقت کی روٹی کے حصول کیلئے پریشان ہیں، مگر حکومتی سطح پر آٹے کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے اور وافر فراہمی یقینی بنانے کیلئے مؤثر اقدامات دکھائی نہیں دے رہے۔ دوسری جانب محکمہ خوراک میں اقرباء پروری کے ذریعے بھرتیوں کے الزامات بھی تشویش کا باعث ہیں، جن کی تحقیقات کر کے میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا جانا چاہیے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر خوراک فوری طور پر آٹے کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹس لیں، کوئٹہ سمیت تمام متاثرہ اضلاع میں سرکاری نرخوں پر آٹے کی فراہمی یقینی بنائیں، ذخیرہ اندوزوں اور ناجائز منافع خوروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کریں اور محکمہ خوراک کی کارکردگی کا احتساب کیا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ بنیادی غذائی ضرورت آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام کیلئے ناقابل برداشت ہوتا جارہا ہے، حکومت نے فوری ریلیف فراہم نہ کیا تو عوام میں پائی جانے والی بے چینی مزید بڑھے گی۔

بقیہ 18

ہی دکانداروں نے حفاظتی انتظامات پر کروڑوں روپے خرچ کرنے کا دعوی کیا۔ اتوار بازار کے باہر 200 سے 250 دکانداروں نے دھرنا دیتے ہوئے بازار کو فوری کھولنے کا مطالبہ بھی کیا جب کہ دکانیں بند ہونے کی وجہ سے شہری سستی اشیا کی خریداری سے محروم رہے۔ دوسری جانب جی 6 میں لگنے والا ہفتہ وار بازار بھی بند کر دیا گیا۔ بتایا جارہا ہے کہ اوپن مارکیٹ میں سبزیاں سرکاری ریٹ سے دگنا سے زیادہ قیمت پر فروخت ہو رہی ہیں۔

بقیہ 19

الماس تھے، جبکہ چلڈرن اکیڈمی شو کے چیئرمین قمر عباس سراف مسیح ایگزیکٹیو سیکورٹی چیریٹیز پاکستان کوئٹہ افتخار مرغزانی اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایگریکلچر سلمان منظور خلجی نے بھی تقریب میں شرکت کی پروگرام میں بچوں، اساتذہ اور والدین نے بھرپور شرکت کی۔ ننھے طلبہ نے مختلف رنگا رنگ ٹیبلو پیش کر کے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا اور حاضرین سے خوب داد وصول کی تقریب کے دوران بچوں نے اپنے دلچسپ اور معلوماتی ٹیبلو کے ذریعے پھلوں، مختلف اقسام کی گاڑیوں اور درختوں کی اہمیت و افادیت پر روشنی ڈالی بچوں نے پھلوں کی غذائی اہمیت، صحت مند زندگی میں ان کے کردار اور مختلف گاڑیوں کے بارے میں معلومات پیش کیں، جبکہ درختوں کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے ماحول کو سرسبز و شاداب رکھنے اور قدرتی ماحول کے تحفظ کا پیغام دیا ننھے طلبہ کی پرفارمنس نے حاضرین کی توجہ حاصل کی۔ بچوں نے اپنی معصومانہ اداؤں، اعتماد اور تخلیقی صلاحیتوں کے ذریعے یہ ثابت کیا کہ تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ غیر نصابی پروگرام بھی ان کی ذہنی و فکری نشوونما میں اہم کردار ادا کرتے ہیں تقریب میں شریک والدین نے بچوں کی کارکردگی کو سراہا اور اساتذہ کی محنت و کاوشوں کو قابل تحسین قرار دیا۔ نرسری کنسرٹ کا مقصد بچوں کی پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، ان میں خود اعتمادی پیدا کرنے اور انہیں روزمرہ زندگی، صحت اور ماحول سے متعلق بنیادی معلومات فراہم کرنا تھا تقریب خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی، جہاں بچوں کی پرفارمنس نے شرکا کو محظوظ کرنے کے ساتھ معلوماتی اور تعلیمی پیغام بھی دیا۔

بقیہ 20

اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جھل مگسی قرت العین مگسی صاحبہ، ودیگر ضلع کے کلسٹر ہیڈز نے شرکت کیں۔ اجلاس کا مقصد تعلیمی اداروں کے لیے مختص بجٹ کی تقسیم کے طریقہ کار، مالیاتی معاملات میں شفافیت اور ریکارڈ کی درستگی کا جائزہ لینا تھا۔ اجلاس کے دوران محکمہ تعلیم کے کلسٹر ہیڈز سے متعلقہ مالیاتی ریکارڈ، بجٹ کی تقسیم اور اخراجات کی تفصیلات کے حوالے سے امور زیر غور آئے۔ اس موقع پر اس امر کی اہمیت اجاگر کی گئی کہ تعلیمی اداروں کے لیے مختص فنڈز کو مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق استعمال کیا جائے اور مالیاتی معاملات میں شفافیت، جواب دہی اور باقاعدہ ریکارڈ کی تیاری کو یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ نے اس بات پر زور دیا کہ محکمہ تعلیم کے تحت کلسٹر بجٹ کی تقسیم اور استعمال کے تمام مراحل میں قواعد وضوابط کی مکمل پابندی کی جائے۔ انہوں نے کلسٹر ہیڈز کو ہدایت کی کہ بجٹ اور اخراجات سے متعلق تمام ضروری دستاویزات اور ریکارڈ کو باقاعدہ ترتیب دیا جائے، تاکہ مالیاتی امور کی جانچ پڑتال کے دوران متعلقہ معلومات بروقت دستیاب ہوں اور کسی قسم کی بے ضابطگی یا ابہام کی گنجائش باقی نہ رہے۔ انہوں نے مزید واضح کیا کہ سرکاری وسائل عوام کی امانت ہیں اور ان کا درست، شفاف اور مؤثر استعمال متعلقہ افسران کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ تعلیمی اداروں کے لیے مختص فنڈز کو ان کی ضروریات اور مقررہ مقاصد کے مطابق بروئے کار لانا ضروری ہے، تاکہ دستیاب وسائل سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کیا جاسکے اور تعلیمی ماحول کو بہتر بنانے میں مدد ملے۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ محکمہ تعلیم کے افسران اور کلسٹر ہیڈز اپنے فرائض ذمہ داری، دیانت داری اور پیشہ ورانہ اصولوں کے مطابق انجام دیں۔ بجٹ کی تقسیم، اخراجات کی تفصیلات اور مالیاتی ریکارڈ کی درستگی کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ حکام کے درمیان مؤثر رابطہ کاری برقرار رکھی جائے، تاکہ تعلیمی شعبے میں انتظامی امور کو مزید منظم بنایا جاسکے۔ اجلاس میں کلسٹر بجٹ کے معاملات کو قواعد وضوابط کے مطابق چلانے، مالیاتی ریکارڈ کو مکمل رکھنے اور تعلیمی اداروں کے انتظامی امور میں بہتری لانے کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع میں سرکاری تعلیمی اداروں کے انتظامی و مالیاتی امور کو بہتر بنانے، دستیاب وسائل کے شفاف استعمال اور تعلیمی نظام کو مؤثر بنانے کے لیے متعلقہ محکموں کے ساتھ رابطہ کاری اور نگرانی کا عمل جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 21

بحال نہیں ہو سکتا، امریکی کارروائیاں اور وعدہ خلافیاں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد میں رکاوٹ بنیں۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ ایران ہمیشہ نیک نیتی کے ساتھ مذاکرات میں شامل ہوا، امریکی فوجی کارروائیوں نے ہمیشہ ہمارے اعتماد کو ٹھیس پہنچائی، ایران دباؤ یا دھمکیوں سے اپنے جائز حقوق سے دستبردار نہیں ہوگا۔ ان کا کہنا ہے کہ ایران نے اپنی عوام، جائز مفادات اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے فوجی کارروائیاں کیں، ایران جنگ کی قیمت جانتا ہے اس لیے امن کو فوقیت دیتا ہے۔ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ باہمی احترام اور وعدوں کی پاسداری کی یقین دہانی پر ایران اب بھی مذاکرات کے لیے تیار ہے، علاقائی اختلافات و مسائل علاقائی ممالک کے درمیان ہی حل ہونے چاہئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ علاقائی ممالک کو سیکورٹی تعاون بڑھانا چاہیے، علاقائی ممالک اپنی سرزمین اور انفرا اسٹرکچر پڑوسی ممالک پر حملوں کے لیے استعمال نہ ہونے دیں، اسلامی تعاون کونسل کے رکن ممالک کے درمیان بات چیت جاری رہنی چاہیے۔

بقیہ 22

ذیشان بھی جاگ گیا۔ اس کے بقول حنا جاوید آگے بھاگ رہی تھیں، جبکہ فیصل اصغران کے پیچھے تھے۔ فیصل اصغر نے ذیشان کو حنا جاوید کو پکڑنے کا کہا، تاہم اس نے میاں بیوی کے جھگڑے میں مداخلت سے انکار کر دیا۔ والد کے مطابق فیصل اصغر نے ذیشان کو تشدد کا نشانہ بنایا اور اسلحے کے زور پر حنا جاوید کو پکڑنے پر مجبور کیا۔ محمد ارشد نے دعوی کیا کہ ان کے بیٹے کے مطابق حنا جاوید کو ان کے شوہر فیصل اصغر نے خود قتل کیا اور لاش بھی باتھ روم میں خود لٹکائی۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ دورانِ ریمانڈ ذیشان پر تشدد کر کے اسے جرم قبول کرنے کے لیے دبا ڈالا گیا اور قتل کا سارا الزام اس پر ڈال دیا گیا۔ ملزم کے والد کے مطابق ذیشان تقریباً سات ماہ سے حنا جاوید کے گھر ملازمت کر رہا تھا اور انہیں اپنی ماں کی طرح سمجھتا تھا۔ محمد ارشد نے بتایا کہ انہیں قتل کے واقعے کی اطلاع 11 روز بعد ملی، جبکہ واقعے کے چار روز بعد ذیشان کو ملازمت پر رکھوانے والے شخص تصور نے اس کا شناختی کارڈ طلب کیا تھا۔ انہوں نے ذیشان کے سابقہ ریکارڈ یافتہ ہونے کے دعوے کو بھی مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ان کے 18 سے 19 سالہ بیٹے کے خلاف تھانہ میانہ گوندل، منڈی بہاالدین سمیت کسی بھی تھانے میں کوئی مقدمہ درج نہیں۔ ملزم کے ماموں نے بتایا کہ انہوں نے ذیشان کو روزگار کے لیے ملازمت پر رکھوایا تھا۔ اہل خانہ نے مقف اختیار کیا کہ ذیشان بے گناہ ہے اور اسے قتل کا مرکزی ملزم ثابت کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بقیہ 23

کے استحکام اور عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد جاری رہے گی۔ علاوہ ازیں وقار مہدی نے سانحہ کارساز کے شہدا کی یاد میں پیپلز پارٹی کراچی ضلع شرقی کی جانب سے منعقد کی گئی دعائیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بینظیر بھٹو نے کسی دھمکی کی پرواہ نہیں کی اور وطن واپس آئیں۔

بقیہ 24

اداروں میں پڑھنے والے بچے بھی اسی ملک کا مستقبل ہیں اور یہاں خدمات انجام دینے والے اساتذہ بھی اسی نظام کا اہم حصہ ہیں۔ ان کی صحت، سہولت اور مشکلات کو نظر انداز کر کے تعلیمی فیصلے کرنا کسی طور مناسب نہیں۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ تعلیمی نظام میں تبدیلی نہیں ہونی چاہیے، لیکن تبدیلی زمینی حقائق، مقامی موسم اور متعلقہ افراد کی مشکلات کو سامنے رکھ کر ہونی چاہیے اگر بلوچستان کے مختلف علاقوں کے موسمی حالات مختلف ہیں تو تمام علاقوں کے لیے ایک جیسا تعطیلاتی نظام کیسے موزوں ہو سکتا ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان، وزیر تعلیم بلوچستان، سیکریٹری اسکول ایجوکیشن اور متعلقہ حکام سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ پنجگور میں سردیوں کی تعطیلات ختم کرنے کے فیصلے پر نظر ثانی کی جائے مقامی موسمی حالات کو مدِنظر رکھتے ہوئے پنجگور کے لیے مناسب تعطیلاتی شیڈول برقرار رکھا جائے۔ اساتذہ، والدین اور مقامی تعلیمی نمائندوں کو اعتماد میں لے کر فیصلہ کیا جائے اور اگر تعطیلات کے شیڈول میں تبدیلی کی گئی ہے تو اس کی وجوہات عوام کے سامنے واضح کی جائیں تعلیم صرف اسکول کی عمارت کھولنے کا نام نہیں، بلکہ سازگار ماحول میں مؤثر تدریس اور بہتر تعلیمی نتائج کا نام ہے۔ پنجگور کے اساتذہ اور طلبہ کی آواز سنی جائے۔ ان کے موسمی حالات کو سمجھا جائے اور ایسا فیصلہ کیا جائے جو تعلیم کے فروغ کے ساتھ انسانی صحت اور سہولت کا بھی تحفظ کرے۔ ہم حکومتِ بلوچستان سے اپیل کرتے ہیں کہ پنجگور کی سردیوں کی تعطیلات کے معاملے پر سنجیدگی سے غور کرے اور مقامی حالات کے مطابق منصفانہ فیصلہ کیا جائے۔

بقیہ 25

الرحمان عوام کے حقوق، آئین کی بالادستی اور پارلیمنٹ کی خودمختاری کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں لیکن ان کے خلاف من گھڑت الزامات سچ کی آواز کو دبانے میں کامیاب نہیں ہو سکتے، جے یو آئی سندھ کے پریس سیکریٹری ڈاکٹر اے جی انصاری کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کا واضح موقف ہے کہ پارلیمنٹ سپریم ادارہ ہے تو پھر ملک کے اہم فیصلے پنڈی میں کیوں کیے جا رہے ہیں حقیقت یہ ہے کہ قائد جمعیت نے حکمرانوں کی اصل حقیقت عوام کے سامنے بے نقاب کر دی ہے، انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان نے پنجاب میں سیاسی سرگرمیوں اور عوامی رابطوں کے دوران فارم 47 کے حوالے سے حقائق سے عوام کو آگاہ کیا لیکن پنجاب میں عوام کی بھرپور شرکت حکمرانوں سے برداشت نہیں ہو رہی، پنجاب میں فارم 47 کی حکومت کا پول کھولنے پر مخالفین کی چیخیں نکل رہی ہیں، انہوں نے کہا کہ جے یو آئی کسی اندرونی قوت کے ساتھ سودے بازی یا بیرونی دباؤ کے تحت اپنے اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کرے گی کیونکہ ہماری سیاست کی بنیاد اصولوں، عوامی حقوق اور ملکی خودمختاری پر ہے، مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جمعیت علماء اسلام کے 250 ساتھی شہید ہوئے جبکہ مولانا فضل الرحمان سمیت اہم رہنماؤں پر قاتلانہ حملے کیے گئے اس کے باوجود جے یو آئی نے اپنے اصولی موقف اور جدوجہد سے پیچھے ہٹنے کے بجائے عوامی حقوق اور ملکی امن کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھی ہیں، انہوں نے کہا کہ ملک میں مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ دی ہے معیشت تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے اور غریب عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں جبکہ حکمران عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے بجائے عیاشیوں میں مصروف ہیں، انہوں نے کہا کہ معدنی وسائل پر صوبوں کا حق ہے لیکن ان وسائل کی لوٹ مار جاری ہے جس سے صوبوں اور عوام کے حقوق کو نقصان پہنچ رہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ بعض لوگ اقتدار کے حصول کے لیے خوشامد کرتے ہیں اور اپنے مفادات حاصل کرنے کے بعد انہی لوگوں کے خلاف زبان کھولتے ہیں جن کے سہارے وہ اقتدار تک پہنچتے ہیں ایسی احسان فراموشی پر مبنی سیاست اب عوام کے سامنے بے نقاب ہو چکی ہے، مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ جے یو آئی کے کارکن اسلام، وطن اور قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کے تحفظ کے لیے ہر وقت تیار ہیں۔

بقیہ 26

فرار ہونے کی کوشش کی تو حملہ آوروں نے اس پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں اسے ٹانگ میں گولی لگی۔ زخمی مزدور کی شناخت راشد کے نام سے ہوئی ہے اور طبی ذرائع کے مطابق اس کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ ابتدائی معلومات کے مطابق اغوا ہونے والے مزدوروں کا تعلق خضدار کے مختلف علاقوں سے بتایا جارہا ہے۔ پولیس کے مطابق حملہ آور فیکٹری سے دو گاڑیاں اور ایک لوڈر بھی اپنے ساتھ لے کر فرار ہو گئے، اب تک کسی مسلح گروہ نے اس واقعے کی ذمہ داری قبول نہیں کی۔ واقعہ ایسے نازک موقع پر پیش آیا ہے جب گزشتہ روز ضلع مستونگ میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک مسافر وین سے رخشان ڈویژن سے تعلق رکھنے والے 20 پولیس اہلکاروں کو اغوا کر لیا تھا۔ دونوں واقعات نے صوبے میں امن و امان کی صورتحال پر تشویش میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ سیکیورٹی فورسز نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے جبکہ پولیس نے مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ مغوی مزدوروں کی جلد از جلد بازیابی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ 27

۔ یہ بھرپور شرکت ایسے وقت میں ہوئی ہے جب پاکستان اپنی برآمدات بڑھانے کے لیے نئی منڈیوں کی تلاش میں ہے۔ 'سیال '2026 کے پہلے روز، تیار شدہ پاکستانی بریانی سب کی توجہ کا مرکز بنی رہی۔

بقیہ 28

متعلقہ عملے سے پروگرام کے طریقہ کار اور شہریوں کو درپیش مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور ہدایت کی کہ رجسٹریشن کے عمل کو سہل منظم اور شفاف بنایا جائے تاکہ اہل شہری بلاوجہ کی مشکلات کے بغیر اس سہولت سے مستفید ہو سکیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے پیٹرول پمپ مالکان اور متعلقہ عملے کو سختی سے ہدایت کی کہ وزیر اعظم فیول ریلیف پروگرام پر حکومتی پالیسی اور مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق عمل درآمد یقینی بنایا جائے شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے رجسٹریشن کے لیے آنے والے اہل افراد کو درست رہنمائی فراہم کی جائے اور کسی بھی مرحلے پر غیر ضروری تاخیر یا رکاوٹ پیدا نہ کی جائے انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے شروع کیے گئے اس پروگرام کے مقاصد کی تکمیل میں کسی قسم کی غفلت غیر ذمہ داری یا دانستہ رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے مزید خبردار کیا کہ رجسٹریشن یا ریلیف کی فراہمی کے نام پر شہریوں سے کسی قسم کی غیر مجاز فیس وصول نہ کی جائے اور نہ ہی انہیں غیر ضروری طور پر پریشان کیا جائے۔ اگر کسی پیٹرول پمپ یا متعلقہ اہلکار کے خلاف غیر قانونی وصولی، بدعنوانی یا پروگرام میں بے ضابطگی کی شکایت درست ثابت ہوئی تو ذمہ داران کے خلاف قانون اور متعلقہ قواعد کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ عوامی شکایات کو سنجیدگی سے لیا جائے اور ان کے فوری ازالے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں ضلعی انتظامیہ اُستا محمد کے مطابق وزیر اعظم فیول ریلیف پروگرام کے ثمرات مستحق اور اہل شہریوں تک پہنچانا، عوام کو رجسٹریشن کے عمل میں زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کرنا، غیر قانونی وصولیوں کی روک تھام اور پروگرام کی شفاف نگرانی انتظامیہ کی اہم ترجیحات میں شامل ہیں اس سلسلے میں متعلقہ اداروں اور پیٹرول پمپ انتظامیہ کے اقدامات کی نگرانی جاری رکھی جائے گی تاکہ حکومتی ریلیف حقیقی معنوں میں عوام تک پہنچ سکے اور شہریوں کو درپیش مشکلات کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جاسکے

بقیہ 29

سے متعلق شہریوں کے لیے انتباہ جاری کر دیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اسلحہ لائسنس کے نام پر جعلی ویب سائٹ کے ذریعے فیس کی مد میں بھاری رقوم بھی بٹوری جارہی ہے۔ نادرا نے پنجاب اسلحہ لائسنس کے درخواست گزاروں کو جعلساز عناصر اور غیر مصدقہ ویب سائٹس سے محتاط رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہری اسلحہ لائسنس کی درخواست دینے سے پہلے ویب سائٹ کا درست ایڈریس لازمی چیک کریں، جعلی ویب سائٹس پر رقم یا شناختی معلومات فراہم کرنے سے پہلے تصدیق کریں۔ پنجاب اسلحہ لائسنس کی خدمات کے لیے صرف سرکاری ویب سائٹ pal.nadra.gov.pk استعمال کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 30

نے مزید بتایا کہ 4 روز قبل بچے میں ریبیز کی علامات ظاہر ہوئی تھیں جس کے بعد اسے علاج کے لیے سول اسپتال لایا گیا تھا۔ واضح رہے رواں سال کتے کے کاٹنے سے جاں بحق بچوں کی تعداد 4 ہو گئی ہے۔

بقیہ 31

چندانی اور بھارتی میڈیا ٹائمز نا کے زکا جیکب کی ملاقات ہوئی۔ اس ملاقات میں آزاد جموں و کشمیر میں بدامنی اور کالعدم جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے بیانیہ کی تشہیر کے لیے نئی تنظیم کے ذریعے آپریشن شروع کرنے پر غور کیا گیا۔ 24 جون 2026 کو اظہر احمد، یاسر شفاعت اور ڈاکٹر اشتیاق خالق جیسے فسادی جھتے سے منسلک شر پسندوں کو بھارتی ہائی کمیشن نے آزاد کشمیر میں بدامنی پھیلانے کیلئے تیار کیا۔ بھارتی نشریاتی ادارہ ٹائمز نا سے منسلک زکا جیکب کو وسیع میڈیا کوریج کے ذریعے پاکستان مخالف بیانیے کو ہوا دینے کی ذمہ داری سونپی گئی۔

بقیہ 32

تیار کر لی ہے اور اب ان کی ہیلنگ پنجاب کے بجائے وفاقی حکومت کرے گی۔ اس سلسلے میں وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز چوہدری سالک حسین خصوصی طور پر شرکت کریں گے۔ واہ کینٹ میں مقامی صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ ٹیکسلا لیبر کمپلیکس کا منصوبہ پاکستان آرڈننس فیکٹریز (پی او ایف) واہ کینٹ، ہیوی مکینیکل کمپلیکس (ایچ ایم سی)، ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا (ایچ آئی ٹی) اور دیگر صنعتی اداروں میں کام کرنے والے محنت کشوں اور شہدا کے اہلِ خانہ کے لیے رہائشی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے اہمیت کا حامل ہے۔

بقیہ 33

سے اسلحہ و منشیات کے علاوہ غیر قانونی انسانی اسمگلنگ کے لئے استعمال ہونے والی سوزکی لوڈر گاڑی بھی برآمد کر لی گئی، ملزمان غیر قانونی اسمگلنگ کے ساتھ ساتھ اسلحہ و منشیات کے کاروبار میں بھی ملوث ہیں، گرفتار ملزمان افغان باشندوں کو حب میں واقع مختلف ہوٹلز اور گھروں میں عارضی رہائش فراہم کرتے ہیں۔ ملزمان غیر قانونی باشندوں کو منتقلی کے دوران گائیڈز کا استعمال کرتے تھے اور سیکیورٹی اداروں کی گرفتاری سے بچنے کے لئے منگھوپیر، بند مراد، سرجانی اور نادرن بائی پاس اور ملحقہ کچے راستوں کا استعمال کرتے تھے۔ ملزمان نے انکشاف کیا ہے کہ وہ ایک فیملی کے عوض تقریبا 2 لاکھ روپے تک رقم وصول کرتے تھے، ملزمان نے مزید انکشاف کیا کہ غیر قانونی افغان باشندوں کی کراچی کی منتقلی کے لئے چھوٹی گاڑیوں کے علاوہ موٹر سائیکلوں کا استعمال بھی کرتے رہے ہیں، گزشتہ ایک ماہ کے دوران ملزمان نے تقریبا 230 غیر قانونی افغان باشندوں کو کراچی کے مختلف علاقوں میں منتقل کیا۔ اسی طرح کا ایک گروہ حالیہ دہشت گردی کے حملوں میں ملوث ملزمان کی بلوچستان سے کراچی نقل و حمل میں ملوث تھا۔ جس نے دہشت گرد حملے میں ملوث ملزمان کو خفیہ راستوں سے کراچی منتقلی کے لئے معاونت فراہم کی تھی، ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ 34

کے حالات کا خیبر پختونخوا کے حالات سے موازنہ کرنا مناسب نہیں، کیونکہ امن و امان کے حوالے سے سندھ پاکستان کے دیگر صوبوں کے مقابلے میں بہتر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سانحہ کارساز کے شہداء کی یاد میں روہڑی کے علاقے صالح پٹ میں منعقدہ دعائیہ تقریب کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں ٹاؤن اور یونین کونسلوں کے چیئرمینوں سمیت پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر شہداء کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی، فاتحہ خوانی اور نیاز کا بھی اہتمام کیا گیا۔ اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ نے سانحہ کارساز کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں جمہوریت کی تاریخ کا روشن باب ہیں۔ 18 اکتوبر کا دن یاد کر کے آج بھی جمہوریت پسندوں کی آنکھیں نم ہو جاتی ہیں۔ انیس سال قبل جمہوریت پر شب خون مارا گیا، تاہم جمہوریت کی بحالی کے لیے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے عظیم قربانیاں دیں، جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ آج ہم ان شہداء کو یاد کر رہے ہیں جو شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی وطن واپسی پر ان کے استقبال کے لیے پہنچے تھے اور سانحہ کارساز میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ ان شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، کیونکہ انہوں نے جمہوریت، عوامی حقوق اور ملک میں جمہوری نظام کی بحالی کے لیے اپنی جانیں قربان کیں۔ سید اویس قادر شاہ نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالے جمہوری اصولوں اور اقدار کو ساتھ لے کر آگے بڑھ رہے ہیں۔ پارٹی قیادت اور کارکن ملک میں برابری، امن، بھائی چارے اور عوامی خدمت پر مبنی نظام قائم کرنا چاہتے ہیں۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پیپلز پارٹی کے کارکن جمہوریت کے استحکام اور عوام کی خدمت کا مشن جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے عوامی حقوق اور اپنے مشن کی تکمیل کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ پیپلز پارٹی کے کارکنوں پر ماضی میں جو ظلم و ستم ڈھائے گئے، انہوں نے انہیں برداشت کیا، ان مظالم کا تصور کرنا بھی مشکل ہے۔ پارٹی کارکنوں کی جدوجہد اور قربانیوں کو تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ احتجاج کے حوالے سے پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں اسپیکر سندھ اسمبلی نے کہا کہ احتجاج کرنا ہر شہری کا جمہوری حق ہے، تاہم احتجاج کے دوران ایسے اقدامات سے گریز کرنا چاہیے جن سے امن و امان کی صورتحال خراب ہونے یا عوام کے لیے مشکلات پیدا ہونے کا خدشہ ہو۔ جمہوری حقوق کے استعمال کے ساتھ امن و امان برقرار رکھنا بھی ضروری ہے۔ سانحہ کارساز کے متاثرین کو انصاف کی فراہمی سے متعلق سوال پر سید اویس قادر شاہ نے کہا کہ واقعے کو 19 سال گزرنے کے باوجود ہم انصاف کے لیے عدالتوں کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ ہمیں اپنی عدالتوں پر مکمل اعتماد ہے اور امید ہے کہ شہداء کے لواحقین کو ضرور انصاف ملے گا۔ سندھ کی تقسیم اور گورنر راج سے متعلق سوال پر انہوں نے دوٹوک مؤقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کی تقسیم اور گورنر راج کی باتیں کسی بھی صورت ممکن نہیں ہیں۔ سندھ اسمبلی ماضی میں بھی سندھ کی تقسیم کے خلاف قرارداد منظور کر چکی ہے، اس لیے کسی کے بیان دینے سے یہ حقیقت تبدیل نہیں ہو سکتی۔ انہوں نے کہا کہ ہر شخص کو اپنی رائے دینے کا اختیار ہے، لیکن سندھ کی تقسیم جیسے اقدام کی باتیں حقیقت نہیں بن سکتیں۔ اسپیکر سندھ اسمبلی نے مزید کہا کہ سندھ کے حالات کا خیبر پختونخوا کے حالات سے موازنہ کرنا درست نہیں۔ سندھ میں امن و امان کی صورتحال پاکستان کے دیگر صوبوں کے مقابلے میں بہتر ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سندھ کی وحدت اور سلیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا اور صوبے کی تقسیم سے متعلق کسی بھی تجویز کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ دعائیہ تقریب کے اختتام پر سانحہ کارساز کے شہداء کے درجات کی بلندی، مغفرت اور ملک میں جمہوریت کے استحکام، امن و سلامتی اور عوام کی خوشحالی کے لیے دعائیں بھی کی گئیں۔

بقیہ 35

کامیاب آپریشنز کو سراہا اور ان آپریشنز میں 8 بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ عزم استحکام کے وژن کے تحت سکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف نمایاں کامیابیاں حاصل کر رہی ہیں اور ملک سے ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لئے پرعزم ہیں۔

بقیہ 36

وجود بلوچستان میں بحرانوں کو گھمبیر بنا چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل کو سیاسی بنیادوں پر حل کیا جائے، بلوچستان کے طلبہ و طالبات ہمیں بہت عزیز ہیں، ان کا احترام وقدر قومی تقاضا ہے۔

بقیہ 37

خضدار میں دہشت گردوں کے ٹھکانے سے 490 کلوگرام دھماکا خیز مواد کی برآمدگی ایک اہم پیش رفت ہے۔ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم کے ذریعے بلوچستان کے عوام میں خوف و ہراس پھیلانا اور آمد و رفت میں رکاوٹیں پیدا کرنا چاہتے ہیں، تاہم ایسے اقدامات سے عوام کے حوصلے پست نہیں کیے جا سکتے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن، بھائی چارے اور ترقی کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے ضروری ہے کہ دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری رکھی جائیں اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ رکن بلوچستان اسمبلی نے کہا کہ دہشت گردی کا خاتمہ صرف سکیورٹی کے لیے ہی نہیں بلکہ بلوچستان کی معاشی، تعلیمی اور سماجی ترقی کے لیے بھی ناگزیر ہے۔ امن و امان کی بہتر صورتحال سے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں مدد ملے گی۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے سکیورٹی فورسز کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم امن دشمن عناصر کے خلاف متحد ہے اور عوام کے تحفظ، صوبے میں استحکام اور ترقی کے لیے تمام اداروں کی کوششوں کی حمایت کرتی ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ مشترکہ کوششوں سے بلوچستان میں امن و خوشحالی کا خواب حقیقت بنے گا۔

بقیہ 38

کی میز پر لانے کے لیے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ہیگسیتھ نے ایران پر حزب اللہ اور یمن کے حوثی گروپ کی مالی معاونت کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ امریکا اپنے فوجیوں اور بحری جہازوں کو حملوں سے محفوظ رکھنے کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔ خطاب کے دوران امریکی وزیر دفاع نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی خارجہ پالیسی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ واشنگٹن لاطینی امریکا میں ایران، چین اور روس کے اثر و رسوخ کو محدود کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے وینزویلا میں امریکی آپریشن کو بھی اہم قرار دیا اور کہا کہ اس کے دوررس اثرات مرتب ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ وینزویلا کے وسیع تیل ذخائر اسے امریکا کے لیے تزویراتی لحاظ سے اہم بناتے ہیں۔

بقیہ 39

سرمایہ ہیں۔ ان جیالوں نے ثابت کیا کہ پیپلز پارٹی کی جدوجہد محض نعروں تک محدود نہیں، بلکہ اس کی بنیاد عوام سے وابستگی، جمہوری اصولوں اور اپنے نظریے سے غیر متزلزل وفاداری پر ہے۔ ان کی قربانیاں ہمیں یہ پیغام دیتی ہیں کہ سیاسی جدوجہد میں مشکلات اور آزمائشوں کے باوجود اپنے اصولوں پر ثابت قدم رہنا ہی اصل عزم ہے۔ مینا مجید بلوچ نے کہا کہ ہماری ذمہ داری ہے کہ شہید بینظیر بھٹو کے مشن، ان کے سیاسی فکر و فلسفے اور عوامی خدمت کے نظریے کو نئی نسل تک منتقل کریں۔ بلوچستان کے نوجوان اور پیپلز پارٹی کے جیالے بھی اس جدوجہد کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور صدر زرداری کی قیادت میں ہم اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ جمہوریت کے استحکام، عوامی حقوق کے تحفظ اور ایک منصفانہ معاشرے کے قیام کے لیے اپنی سیاسی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ سانحہ کارساز کے شہداء کو حقیقی خراج عقیدت یہی ہے کہ ہم ان کے مشن کو آگے بڑھائیں اور ایک مضبوط، جمہوری اور خوشحال پاکستان کی تعمیر کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں۔

بقیہ 40

ادارے میں نظم وضبط اساتذہ کی باقاعدہ حاضری اور سرکاری ریکارڈ کی درستگی کو یقینی بنانے کے لیے موجودہ انتظامات کا جائزہ لینا تھا۔ معائنے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے تدریسی عملے کی حاضری اور رخصت سے متعلق ریکارڈ کا جائزہ لیا جس کے دوران بعض اساتذہ کی گزشتہ دو ماہ سے غیر حاضری رخصت کے باقاعدہ ریکارڈ کی عدم دستیابی اور حاضری رجسٹرز کی نامناسب دیکھ بھال جیسے امور سامنے آئے اس کے علاوہ کالج کے عملے کی جانب سے بتایا گیا کہ بعض پروفیسرز حاضری رجسٹر میں باقاعدگی سے اپنی حاضری کا اندراج بھی نہیں کر رہے تھے جو انتظامی نظم وضبط اور سرکاری ریکارڈ کی درستگی کے حوالے سے توجہ طلب معاملہ ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے ان بے ضابطگیوں کو نوٹ کرتے ہوئے متعلقہ ریکارڈ کی مکمل جانچ پڑتال اور غیر حاضریوں کی وجوہات کا تعین کرنے کی ضرورت پر زور دیا انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی حاضری رخصت کے اندراج اور سرکاری دستاویزات کی مناسب دیکھ بھال قواعد وضوابط کے مطابق ہونی چاہیے تاکہ ادارے کے انتظامی معاملات شفاف اور منظم انداز میں چلائے جاسکیں۔ انہوں نے اس امر کی اہمیت پر بھی زور دیا کہ تدریسی عملے کی باقاعدہ حاضری طالبات کی تعلیم کے تسلسل، تدریسی سرگرمیوں کی بہتری اور تعلیمی معیار کو برقرار رکھنے کے لیے نہایت ضروری ہے اس سلسلے میں متعلقہ حکام کو چاہیے کہ وہ حاضری اور رخصت کے ریکارڈ کو درست اور اپ ڈیٹ رکھیں اور سامنے آنے والی بے ضابطگیوں کا قواعد وضوابط کے مطابق جائزہ لے کر ضروری اصلاحی اقدامات کریں۔ ضلعی انتظامیہ اُستا محمد سرکاری تعلیمی اداروں میں تعلیمی ماحول کی بہتری اساتذہ کی ذمہ داریوں پر عمل درآمد حاضری کے نظام کو مؤثر بنانے اور انتظامی امور میں شفافیت یقینی بنانے کے لیے نگرانی کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے، تاکہ طالبات کو بہتر تعلیمی سہولیات فراہم کی جاسکیں اور سرکاری اداروں کی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔

بقیہ 41

ایسوسی ایشن ملک خدابخش نے خط میں چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کو باضابطہ خط لکھ کر مداخلت کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں 14 ہزار پٹرولیم ڈیلرز متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ پٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن نے دوسرا خط چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی کابینہ سیکریٹریٹ سینیٹر رانا محمود الحسن کو لکھا ہے جس میں آئل مارکیٹنگ کمپنی تبدیلی کے لیے این او سی کی شرط پر تفصیلی وضاحت اور نظر ثانی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اوگرا نوٹیفکیشن کے مطابق لیز ختم ہونے پر دوسری آئل مارکیٹنگ کمپنی میں جانے کے لیے موجودہ کمپنی سے این او سی لازمی قرار دیا گیا ہے، خط کے متن کے مطابق نوٹیفکیشن حیران کن اور تشویشناک ہے، تمام فریقین کا فوری اجلاس بلانے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ خط میں آئل مارکیٹنگ کمپنی تبدیلی کے لیے این او سی کی شرط پر تفصیلی وضاحت اور نظر ثانی اور کوئی بھی کارروائی سے پہلے معاملے کا جامع جائزہ لینے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اوگرا کے 5 اگست کو نوٹیفکیشن جاری کیا تھا جس میں لیز معاہدہ ختم ہونے پر دوسری آئل مارکیٹنگ کمپنی میں جانے کے لیے موجودہ کمپنی سے این او سی لینا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ چیئرمین پی پی ڈی اے ملک خدابخش کے مطابق این او سی کی شرط اجلاس کے ایجنڈے میں شامل ہی نہیں تھی، نوٹیفکیشن حیران کن اور تشویشناک ہے، تمام فریقین کا فوری اجلاس بلانے کا مطالبہ کرتے ہیں، قانونی شقوں کا جائزہ لے کر واضح فیصلہ کیا جائے اور متعلقہ اداروں کے دائرہ اختیار کو واضح کیا جائے۔ چیئرمین پی پی ڈی اے ملک خدابخش کے مطابق اوگرا کی جانب سے ریٹیل آؤٹ لیٹس کے لیے دوسری او ایم سی میں جانے پر موجودہ کمپنی سے این او سی لازمی قرار دینا حیران کن ہے، ملک بھر کے پیٹرولیم ڈیلرز میں شدید تشویش پائی جاتی ہے، پی پی ڈی اے اس وقت تک اس کی قانونی حیثیت کو تسلیم کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے، کوئی مزید کارروائی کرنے سے پہلے اس معاملے کی وضاحت اور جامع جائزہ لیا جائے۔

بقیہ 42

2 نومبر سے 5 نومبر تک جاری رہنے والی قومی انسداد پولیو مہم کے انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں، پولیو ٹیموں کی مؤثر نگرانی اور سیکورٹی کو یقینی بنایا جائے تاکہ پانچ سال سے کم عمر کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلعی افسران اور محکمہ صحت کے میڈیکل افسران کے اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر میر بہادر بنگلزئی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر قادر ہارون، ڈاکٹر اشرف، شعیب نچک، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت سید مظہر علی شاہ، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت آن فارم ڈاکٹر ایاز لاشاری، ڈپٹی ڈائریکٹر پولٹری فارم ڈاکٹر ریحان منظور، ڈاکٹر صلاح الدین مری، ای ٹی او عطا محمد نچک، الحاج صوفی سلیمان نقشبندی، پی ایس ٹو ڈپٹی کمشنر فہیم قریشی اور میڈیا نمائندگان نے شرکت کی۔

دہشتگردوں کو معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، زرک مندوخیل

کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں 8 دہشت گردوں کی ہلاکت اہم پیش رفت ہے، دہشت گردوں کو عوام کے امن اور معمولاتِ زندگی سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، رکن بلوچستان اسمبلی

پائیدار امن کے قیام کے لیے ضروری ہے کہ دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری رکھی جائیں اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے' بیان

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں، بروقت اقدامات اور قربانیاں قابلِ تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مختلف علاقوں میں دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں اور 8 دہشت گردوں کی ہلاکت امن دشمن عناصر کے خلاف اہم کامیابی ہے۔ پنجپائی کوئٹہ میں سڑک پر ناکہ بندی کی کوشش کو ناکام بنانا اور دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرنا اس امر کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے کہ عوام کے تحفظ کے لیے مسلسل نگرانی اور مؤثر اقدامات ضروری ہیں۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

اسحاق ڈار کا ایرانی وزیر خارجہ سے رابطہ، مذاکرات سے متعلق بات چیت

دونوں رہنماؤں کا خطے کی صورتحال اور او آئی سی وزرائے خارجہ کونسل میٹنگ پر بھی تبادلہ خیال

اسلام آباد (اسلام آبا) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلی فونک گفتگو ہوئی جس میں خطے کی صورتحال پر بات کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق دونوں رہنماؤں نے خطے کی صورتحال اور او آئی سی وزرائے خارجہ کونسل میٹنگ پر تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے خطے کے مسائل کے حل کیلئے مذاکرات کی اہمیت پر زور دیا۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلی فونک گفتگو ہوئی جس میں خطے کی صورتحال پر بات کی گئی۔

بلوچستان کے مسائل کو سیاسی بنیادوں پر حل کیا جائے: لیاقت بلوچ

لاہور (اے این این) لاہور میں نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ سے بلوچستان کے طلبہ وطالبات کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران لیاقت بلوچ سے طلبہ نے تعلیمی مسائل اور بلوچستان کی صورتِ حال سے متعلق گفتگو کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ عوامی مینڈیٹ کا مصنوعی (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

وزیراعظم کا بلوچستان میں دہشتگردوں کیخلاف کامیاب کارروائیوں پر فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے صوبہ بلوچستان کے اضلاع کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم آفس کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کے (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

کوئٹہ، جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی نائب صدر نور اللہ وطن دوست کا علی شان مہترزئی کی شادی کے موقع پر دولہے کے ہمراہ گروپ فوٹو

اسسٹنٹ کمشنر اُستا محمد ماریہ شمعون کا گورنمنٹ گرلز کالج کا دورہ، بے ضابطگیوں کا نوٹس

سرکاری تعلیمی اداروں میں نظم وضبط اور حاضری کے نظام کو مؤثر بنانے کے لیے نگرانی کا عمل جاری رہے گا: اسسٹنٹ کمشنر

اُستا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر اُستا محمد ماریہ شمعون نے گورنمنٹ گرلز کالج اُستا محمد کا دورہ کیا جہاں انہوں نے تدریسی عملے کی حاضری سرکاری ریکارڈ حاضری رجسٹرز اور کالج کے انتظامی امور کا تفصیلی معائنہ کیا دورے کا مقصد تعلیمی (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

پاکستان پٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کا اوگرا کے نوٹیفکیشن پر تحفظات کا اظہار، خط لکھ دیا

ملک میں 14 ہزار پٹرولیم ڈیلرز متاثر ہونے کا خدشہ ہے: چیئرمین پاکستان پٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن ملک خدا بخش

اسلام آباد (اے این این) پاکستان پٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن نے اوگرا کے نوٹیفکیشن پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی او ر چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی کابینہ سیکرٹریٹ کو باضابطہ خط لکھ کر مداخلت کی اپیل کر دی۔ چیئرمین پاکستان پٹرولیم ڈیلرز (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

والدین بچوں کو پولیو کے دو قطرے پلا کر زندگی بھر کی معذوری سے بچائیں، الیاس کبزئی

سبی میں 2 نومبر سے شروع ہونے والی قومی انسدادِ پولیو مہم کے انتظامات مکمل کیے جائیں، ڈی سی سبی

سبی (اے این این) ڈپٹی کمشنر سبی میجر ریٹائرڈ محمد الیاس کبزئی نے کہا ہے کہ والدین اپنے پھول جیسے معصوم بچوں کو زندگی بھر کی معذوری سے بچانے کے لئے صرف دو قطرے پولیو ویکسین پلا کر اپنا فرض پورا کریں علماء کرام سول سوسائٹی سمیت میڈیا نمائندگال والدین میں آگہی وشعور کی فراہمی میں رول پلے کریں تاکہ ہمارے بچے صحت مند وتوانا زندگی بسر کرسکیں آئندہ ماہ (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن بلوچستان کی زیر نگرانی ژوب میں ایسوسی ایشن کے انتخابات مکمل

طاہر خان کاکڑ صدر اور عبدالجبار کاکڑ جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے

ژوب (اے این این) گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن بلوچستان کی زیر نگرانی ژوب میں ایسوسی ایشن کے انتخابات مکمل ہو گئے، جن میں ملک طاہر خان کاکڑ صدر اور عبدالجبار کاکڑ جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے اس سلسلے میں نیو اڈہ ژوب میں نو منتخب کابینہ کی پانچ سالہ مدت کے لیے حلف (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

ڈیرہ مراد جمالی: مسلح افراد اسلحے کے زور پر دو شہریوں سے موٹر سائیکلیں، نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار

سٹی تھانے کی حدود میں ڈکیتی کی دو مختلف وارداتیں، شہریوں سے موٹر سائیکل اور قیمتی سامان لوٹ لیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی سٹی تھانے کی حدود میں نامعلوم افراد نے اسلحہ کے زور پر دو شہریوں کو موٹر سائیکل نقد رقم موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

ایران کو جوہری معاہدہ یا تباہ کن جنگ میں سے کسی ایک کا انتخاب جلد کرنا ہوگا، امریکا

ایران کو جلد فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ مذاکرات کے ذریعے اپنے جوہری پروگرام سے متعلق امریکی مطالبات تسلیم کرتا ہے یا فوجی کارروائی کا خطرہ مول لیتا ہے

تہران اپنی دفاعی صلاحیت بڑھانے کے لیے روایتی میزائلوں کا بڑا ذخیرہ تیار کر رہا ہے، امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ

واشنگٹن (اے این این) امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے ایران کو سخت انتباہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ تہران کو اپنے جوہری عزائم یا پھر امریکا کی تباہ کن فوجی کارروائی میں سے کسی ایک کا جلد انتخاب کرنا ہو گا۔ امریکی ریاست ٹینیسی کی ایک یونیورسٹی میں ریزرو آفیسرز ٹریننگ کور کے کیڈٹس سے خطاب کرتے ہوئے پیٹ ہیگسیتھ نے کہا کہ ایران کو جلد فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ مذاکرات کے ذریعے اپنے جوہری پروگرام سے متعلق امریکی مطالبات تسلیم کرتا ہے یا فوجی کارروائی کا خطرہ مول لیتا ہے۔ امریکی وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ تہران اپنی دفاعی صلاحیت بڑھانے کے لیے روایتی میزائلوں کا بڑا ذخیرہ تیار کر رہا ہے جبکہ واشنگٹن کو اس کے جوہری عزائم پر بھی تحفظات ہیں۔ ان کے مطابق امریکی فوجی طاقت مخالف قوتوں کو مذاکرات (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

بلوچستان میں 8 دہشت گردوں کی ہلاکت سکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں 8 دہشت گردوں کی ہلاکت سکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی ہے۔ وزارت ریلوے سے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

سانحہ کارساز کے شہدا کا مشن آگے بڑھانا ہوگا، سینیٹر روبینہ خالد

اسلام آباد (سی ایم لنکس) بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئر پرسن سینیٹر روبینہ خالد نے سانحہ کارساز کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کی جاسکتیں۔ بی آئی ایس پی سے اتوار کو جاری پیغام میں سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کا مشن عوام کی خدمت، خواتین کو بااختیار بنانے اور محروم طبقات کی فلاح ہے۔ انہوں نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام مستحق خواتین کی (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیاں ہماری سیاسی تاریخ کا قیمتی سرمایہ ہیں، مینا مجید بلوچ

بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں جمہوریت کے استحکام اور منصفانہ معاشرے کے قیام کی جدوجہد جاری رکھیں گے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے کھیل و امورِ نوجوانان مینا مجید بلوچ نے سانحہ کارساز کی برسی کے موقع پر اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ 18 اکتوبر پاکستان پیپلز پارٹی کی تاریخ کا ایک المناک باب ہے۔ جب شہید بینظیر بھٹو کی وطن واپسی کے موقع پر کراچی کے کارساز کے مقام پر دہشت گردی کے ایک ہولناک واقعے میں سینکڑوں جیالوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ یہ سانحہ پیپلز پارٹی کی جمہوریت، عوامی حقوق اور آئین کی بالادستی کے لیے طویل جدوجہد کی ایک دردناک یاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیاں ہماری سیاسی تاریخ کا قیمتی (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

کوئٹہ، صدر پی ایم ایم ایل بلوچستان، عقیل احمد لغاری نو منتخب عہدیداران میں نوٹیفکیشن تقسیم کر رہے ہیں

سندھ کی تقسیم یا گورنر راج کی بات سننے کو بھی تیار نہیں، اویس قادر شاہ

محسن نقوی کے بیانات حقیقت نہیں بن سکتے، اسپیکر سندھ اسمبلی کی میڈیا سے گفتگو

سکھر (اسلم سومرو) اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ نے کہا ہے کہ سندھ کی تقسیم اور گورنر راج کے نفاذ کی باتیں کسی بھی صورت قابلِ قبول نہیں، ہم سندھ کی تقسیم کی بات سننے کے لیے بھی تیار نہیں ہیں۔ محسن نقوی جو چاہیں بیان دے سکتے ہیں، لیکن ضروری نہیں کہ ان کا ہر بیان حقیقت کا روپ دھار لے۔ سندھ کی تقسیم کے خلاف سندھ اسمبلی پہلے ہی قرارداد منظور کر چکی ہے۔ سندھ (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

کراچی: رینجرز اور پولیس کا مشترکہ آپریشن، بین الصوبائی گینگ کے 5 انسانی اسمگلر گرفتار

ملزمان غیرقانونی افغان باشندوں کو کراچی منتقل کرنے اور رہائش دلانے میں ملوث ہیں' انکشاف

کراچی (اے این این) پاکستان رینجرز (سندھ) اور ضلع ویسٹ پولیس نے سرجانی میں مشترکہ آپریشن کرتے ہوئے بین الصوبائی گینگ کے 5 انسانی اسمگلروں کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت عبدالعزیز بروہی، محمد بخش دشتی، علی حسن بروہی، ندیم بروہی اور جمیل بروہی کے نام سے ہوئی جو غیرقانونی افغانی باشندوں یار محمد اور رسول خان کو کراچی منتقل کر رہے تھے۔ گرفتار ملزمان (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

ٹیکسلا لیبر کمپلیکس کے فلیٹس کا منگل کو افتتاح ہوگا، بیرسٹر عقیل

504 رہائشی فلیٹس پر مشتمل منصوبے کے دوسرے مرحلے کی بھی جلد شروعات ہوگی، وزیر مملکت

ٹیکسلا (جی این ایم) وزیر مملکت برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ ٹیکسلا لیبر کمپلیکس میں شہدا کے خاندانوں اور محنت کشوں کے لیے تعمیر کیے گئے رہائشی فلیٹس کا باقاعدہ افتتاح آنے والے منگل کو کیا جائے گا، جبکہ منصوبے کے دوسرے مرحلے پر بھی جلد کام شروع کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ فلیٹس کی الاٹمنٹ کے لیے پالیسی وزارتِ اوورسیز پاکستانیز نے (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، سلیم کھوسہ

سکیورٹی فورسز نے بھارتی سرپرستی میں سرگرم 8 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے بڑی کامیابی حاصل کی، دہشت گرد عوامی زندگی اور آمدورفت کو یرغمال نہیں بنا سکتے، صوبائی وزیر

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور عوام کے تعاون سے بلوچستان کو امن وترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی کوششیں جاری رہیں گی' بیان

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کارروائیوں کے دوران دہشت گردوں کے خلاف مؤثر حکمت عملی اور بروقت اقدامات سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہیں' بیان جاری کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے اور امن وامان کے قیام کے لیے سکیورٹی فورسز کی مسلسل کوششیں قابلِ ستائش ہیں۔ پنجپائی، کوئٹہ (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

راولپنڈی کی تحصیل کہوٹہ میں دو موٹر سائیکل سوار کھائی میں گر کر ہلاک

راولپنڈی (اے این این) راولپنڈی کی تحصیل کہوٹہ میں دو موٹر سائیکل سوار کھائی میں گر گئے۔ فوری طور پر ریسکیو 1122 ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں، کھائی میں گرنے والوں میں ایک مرد اور ایک عورت شامل ہیں۔ جاں بحق مرد عورت، میاں بیوی ہیں اور راولپنڈی کے رہائشی ہیں۔ ریسکیو اہلکاروں نے میتوں کو کھائی سے نکال کر ہسپتال منتقل کر دیا۔

ضلع کچھی میں امن وامان کی خراب صورتحال اور SP مرتضیٰ بھٹو پر فائرنگ کی مذمت

حکومت جرائم پیشہ عناصر اور سہولت کاروں کے خلاف فوری کارروائی کرے: سردار یار محمد رند

سبی (اے این این) رند قبائل کے سربراہ سینئر سیاستدان چیف آف رند سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ ضلع کچھی میں امن وامان کی خراب صورت حال کا نوٹس لیتے ہوئے حکومت سے کہا ہے کہ ضلع کچھی کے دوسرے علاقوں شاہراہوں پر جرائم کی شرح یہاں تک کہ مسافروں کے علاوہ پولیس کے آفیسران بھی محفوظ نہیں انہوں نے عام شہریوں نیشنل ہائی وے پر سفر کرنے والے مسافروں (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

حوثی حملوں کے خلاف سعودی عرب کا دفاع کریں گے، مصری صدر کا اعلان

سعودی قیادت کی درخواست پر دفاعی تعاون کیا جاسکتا ہے تاہم اس کے لیے پارلیمنٹ کی منظوری ضروری ہوگی، السیسی

قاہرہ (اے این این) مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی نے کہا ہے کہ اگر سعودی عرب نے درخواست کی تو مصر حوثی ملیشیا کے حملوں کے خلاف مملکت کے دفاع کے لیے ہر ضروری اقدام کرے گا۔ خبر رساں ادارے کے مطابق السیسی نے مصری ملٹری اکیڈمی کی تقریبِ تقسیمِ اسناد سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کو نقصان پہنچنے یا اس کی سلامتی کو خطرہ لاحق ہونے کی (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

سبی سے تعلق رکھنے والی ہندو دوشیزہ نے اسلام قبول کر کے پسند کی شادی کر لی، تحفظ کا مطالبہ

سبی (اے این این) سبی ہندو مذہب سے تعلق رکھنے والی دوشیزہ نے بخشا پور کے رہائیشی سے پسند کی شادی کر کے اسلام سے وابستہ ہوگی' تفصیلات کے مطابق سبی کے ہندو رہائیشی نجے کمار کی بیٹی بندیا نے بخشا پور کے رہائیشی یاسر ڈومکی سے پسند کی شادی رچالی انہوں نے لاڑکانہ ہائی کورٹ میں نکاح کی درخواست دی جس پر فوری کارروائی کرتے ہوئے نکاح کا حکم دیا گیا جس پر میاں جاوید احمد قادری نے لڑکی کو دائرہ اسلام میں (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

اسرائیل' عرب دنیا کے صحافیوں کی جاسوسی کا سب سے خطرناک اسکینڈل سامنے آ گیا

یہ جاسوسی اشتہارات 1 لاکھ 20 ہزار ویب سائٹس اور 75 ہزار موبائل ایپس پر چلائے گئے

ٹورنٹو (اے این این) اسرائیلی کمپنیوں نے اشتہارات کے ذریعے عرب میڈیا خصوصا الجزیرہ کے صحافیوں کے فونز اور کمپیوٹرز ہیک کر لیے۔ یونیورسٹی آف ٹورنٹو کے مشہور (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

پاسداران انقلاب کی امریکی طاقتور ترین غیر جوہری بم مدر آف آل بمز کے نام پر شدید تنقید

صرف ایک وحشی تہذیب ہی کسی مقدس لفظ کو تباہی پھیلانے والے ہتھیار کے لیے استعمال کر سکتی ہے، جنرل حسین محبی

تہران (اے این این) پاسداران انقلاب نے امریکی طاقتور ترین غیر جوہری بم مدر آف آل بمز کے نام پر شدید تنقید کر دی۔ ایرانی پاسداران انقلاب کے ترجمان (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

سانحہ کارساز کے شہدا کی 19 ویں برسی، گڑھی خدا بخش بھٹو میں قرآن خوانی

18 اکتوبر 2007 کے سانحے کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا، پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کا خراج عقیدت

گڑھی خدا بخش (اے این این) سانحہ کارساز کے شہدا کی 19 ویں برسی گڑھی خدا بخش بھٹو میں جان نثارانِ بے نظیر قبرستان میں عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جائیگی۔ پاکستان پیپلز پارٹی ضلع لاڑکانہ کی جانب سے تقریب منعقد کر کے قرآن خوانی کی گئی جس میں پیپلز پارٹی ضلع لاڑکانہ کے صدر اور رکن قومی اسمبلی خورشید احمد جونیجو، رکن سندھ اسمبلی جمیل احمد سومرو، (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

ریاض اور مشرقی صوبے میں ڈرونز کو تباہ کر دیا، فوجی اتحاد

ریاض (اے این این) سعودی فوجی اتحاد نے کہا ہے کہ دارالحکومت ریاض اور مشرقی صوبے میں ڈرونز کو تباہ کر دیا۔ فوجی اتحاد کا کہنا ہے کہ حوثیوں کی جانب سے خمیس مشیط کی طرف داغے گئے دو بیلسٹک میزائل بھی تباہ کر دیے۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق 45 منٹ کی بندش کے بعد جدہ ایئرپورٹ پروازوں کیلئے کھول دیا گیا۔

کوئٹہ، الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام "تعلیم سب کیلئے" تقریب سے امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، صدر الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان عبدالمجید سربازی، پرنسپل تعمیر نو کالج پروفیسر عابد مقصود، الحمد یونیورسٹی کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر شکیل روشن، سیکرٹری تعلیم عبدالفتح بھنگر و دیگر خطاب کر رہے ہیں

انسانی حقوق کی آڑ میں بھارت اور کالعدم ایکشن کمیٹی کا گٹھ جوڑ بے نقاب

اسلام آباد (اے این این) انسانی حقوق کے نام پر پاکستان مخالف سرگرمیوں کیلئے بھارت اور کالعدم ایکشن کمیٹی کا مذموم گٹھ جوڑ ایک مرتبہ پھر بے نقاب ہوگیا۔ انٹیلی جنس ذرائع کے مطابق اپریل 2026 میں بھارتی ہائی کمیشن لندن نے منظم سازشی منصوبے کے لیے کالعدم ایکشن کمیٹی سے رابطہ کیا، جون 2026 میں لندن میں بھارتی ہائی کمیشن کے عہدیدار پرمود کھیم (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

ڈیرہ مراد جمالی: گوٹھ غلام رسول ابڑو میں زرعی پانی کی تقسیم پر لڑائی، خاتون سمیت 4 افراد زخمی

بھنگر اور ابڑو برادری کے کسانوں میں ڈنڈوں اور مکوں کا آزادانہ استعمال، تمام زخمی سول ہسپتال منتقل

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی گوٹھ غلام رسول ابڑو میں زرعی پانی کے تقسیم پر کسانوں کے درمیان لڑائی جھگڑے سے خاتون سمیت چار افراد زخمی ہوگئے جنہیں سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا تفصیلات پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی پولیس تھانہ صدر کی حدود گوٹھ غلام رسول ابڑو میں بھنگر اور ابڑو برادری کے درمیان زرعی پانی کی تقسیم کے معاملے پر کسانوں میں لڑائی، جھگڑے سے بھنگر برادری کے افراد مومن ولد علی مراد، عرفان ولد نصیر اور (ص) زوجہ سجاد علی زخمی ہوئے، جبکہ دوسری جانب ابڑو برادری کی طرف سے صرف امجد ولد عبدالرشید زخمی ہوگئے واضح رہے کہ دونوں فریقین اکبر علی ابڑو کے بزگر ہیں، جن کے درمیان پانی کی تقسیم کے معاملے پر ڈنڈوں، لاتوں اور مکوں سے لڑائی ہوئی۔ تمام زخمیوں کو سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

حیدر آباد: کتے کے کاٹنے سے زخمی 11 سالہ بچہ دوران علاج دم توڑ گیا

حیدر آباد (اے این این) حیدر آباد میں کتے کے کاٹنے سے زخمی 11 سالہ بچہ دوران علاج دم توڑ گیا۔ محکمہ صحت سندھ کی جانب سے تصدیق کرتے ہوئے بتایا گیا کہ گیارہ سال کا بچہ سول اسپتال میں دوران علاج دم توڑ گیا ہے۔ محکمہ صحت سندھ کیمطابق بچے کو 2 ماہ قبل کتے نے بازو پر کاٹا تھا لیکن اس نے گھر پر نہیں بتایا، جس کی وجہ سے بروقت ویکسینیشن نہ ہوسکی۔ محکمہ صحت سندھ (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

اسلام آباد میں اتوار بازار فائر سیفٹی انتظامات نہ ہونے پر بند، دکانداروں کا احتجاج

دکانداروں کے سی ڈی اے کیخلاف نعرے' حفاظتی انتظامات پر کروڑوں روپے خرچ کرنے کا دعویٰ

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد میں اتوار بازار فائر سیفٹی انتظامات نہ ہونے کی وجہ سے بند کر دیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ایچ نائن اتوار بازار کی بندش کیخلاف دکانداروں کی جانب سے احتجاج کیا گیا اور سی ڈی اے کیخلاف نعرے لگائے گئے۔ اس کے ساتھ (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

اسلام آباد: ایم این اے کے بیٹے کی سرکاری گاڑی سے موٹر سائیکل کو ٹکر، 2 افراد زخمی

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد میں رکن قومی اسمبلی خرم شہزاد کے بیٹے کی گاڑی سے سگنل پر کھڑی موٹر سائیکل کو ٹکر سے دو افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق اسلام آباد کے دامن کوہ سگنل پر سرکاری گاڑی نے ایک موٹر سائیکل کو ٹکر ماری۔ پولیس نے بتایا کہ ایم این اے خرم شہزاد نواز کا بیٹا مبینہ طور پر سرکاری گاڑی چلا رہا تھا، خرم شہزاد نواز قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی داخلہ کے چیئرمین بھی ہیں۔

آٹے کا بدترین بحران، عوام کو مافیا کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے' پروفیسر حلیم صادق

احکام اجلاسوں تک محدود، آٹے کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافے نے غریب عوام کی مشکلات بڑھا دی ہیں

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے صوبے میں آٹے کے بدترین بحران اور قیمتوں میں بے تحاشہ اضافے پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں 50 کلو آٹے کا تھیلا 8 ہزار روپے تک فروخت ہونا تشویشناک ہے، جس نے پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پسنے والے غریب اور متوسط طبقے کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ محکمہ خوراک اور ضلعی انتظامیہ عملی اقدامات کرنے کے بجائے اجلاسوں اور میٹنگز تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں، جبکہ عوام کو ذخیرہ اندوزوں اور منافع خور عناصر کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ خوراک کے متعلقہ ذمہ داران کی کارکردگی پر سنگین سوالات اٹھ رہے ہیں۔ آٹے کی قیمتوں پر قابو پانے، سرکاری نرخوں (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

سینٹ یوجین ہائی اسکول میں رنگارنگ نرسری کنسرٹ کا انعقاد

غیر نصابی سرگرمیاں بچوں کی ذہنی وفکری نشوونما اور خود اعتمادی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں

سیوی (یو این اے) پرنسپل سینٹ یوجین ہائی اسکول سسٹر ڈینیسلا جیمز پال کی زیر قیادت نرسری کنسرٹ کا انعقاد کیا گیا، جس کے مہمانِ خصوصی ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر طارق (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

سرکاری تعلیمی فنڈز عوام کی امانت ہیں، ڈپٹی کمشنر جھل مگسی

مالیاتی ریکارڈ مکمل اور قواعد کے مطابق مرتب کیا جائے، سید رحمت اللہ شاہ

جھل مگسی (خ ن) گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی زیرِ صدارت ضلع جھل مگسی کے محکمہ تعلیم کے کلسٹر ہیڈز کے ساتھ کلسٹر بجٹ کی تقسیم، مالیاتی ریکارڈ کی جانچ و پڑتال اور تعلیمی اداروں کو فراہم کردہ فنڈز کے استعمال سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

کوئٹہ، مختلف اکیڈمیز کے ذمہ داران نقیب اللہ احساس، میجبان عمر، ڈاکٹر سوسن براہوئی، ڈاکٹر رحمت اللہ نیازی، احمد علی بیگ اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسلحہ لائسنس کے نام پر جعلی ویب سائٹ کے ذریعے شہریوں کو لوٹنے کا انکشاف

اسلام آباد (اے این این) اسلحہ لائسنس کے نام پر جعلی ویب سائٹ کے ذریعے شہریوں کو لوٹنے کا انکشاف ہوا ہے۔ نادرا سے منسوب ظاہر کی جانے والی جعلی ویب سائٹ کے ذریعے شہریوں کو بھاری مالی نقصان پہنچایا جانے لگا، پنجاب اسلحہ لائسنس کے حصول کے لیے شہری جعلی ویب سائٹ پر حساس شناختی معلومات بھی فراہم کرنے لگے جس سے شہریوں کی ذاتی اور شناختی معلومات کے غلط استعمال کا خدشہ بھی بڑھ گیا ہے۔ نادرا کی جانب سے اسلحہ لائسنس کی جعلی ویب سائٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

آبنائے ہرمز 7 دن میں کھل سکتی ہے، فیصلہ اب امریکا کے ہاتھ میں ہے: عباس عراقچی

بغداد (اے این این) ایرانی وزیرِ خارجہ عباس عراقچی کا کہنا ہے کہ ایرانی شرائط پوری ہو جائیں تو ہرمز میں بحری آمدو رفت 7 روز میں بحال کر سکتے ہیں۔ بغداد میں اسلامی تعاون کونسل کے وزرائے خارجہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کا کھلنا امریکا پر منحصر ہے، ایران 7 روز کا منصوبہ قطر کے ذریعے امریکا کو بھجوا چکا ہے، فیصلہ اب امریکا کے ہاتھ میں ہے۔ عباس عراقچی کا کہنا ہے کہ امریکی دھمکیاں، حملے اور ناکہ بندی جاری رہنے تک بحری تحفظ (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

عالمی نظام میں طاقت کا توازن تیزی سے تبدیل ہو رہا ہے' ایرانی اسپیکر

توانائی، تجارت، کرنسی کے نظام میں نئی صف بندیاں ہونے جا رہی ہیں' باقر قالیباف

تہران (اے این این) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف نے کہا ہے کہ عالمی نظام میں طاقت کا توازن تیزی سے تبدیل ہو رہا ہے۔ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف نے کہا ہے کہ چین کا صدی کی بڑی تبدیلی سے متعلق موقف مرکزی حیثیت اختیار کر رہا ہے، توانائی، تجارت، کرنسی کے نظام میں نئی صف بندیاں ہونے جا رہی ہیں۔

استاد محمد، اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون گرلز انٹر کالج کے دورے کے دوران حاضری رجسٹر چیک کر رہی ہیں

وزیراعظم فیول ریلیف پروگرام کے تحت پیٹرول پمپس کا معائنہ

ریلیف کے نام پر غیرقانونی فیس وصول کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، ماریہ شمعون

اُستا محمد (اے این این) وزیراعظم فیول ریلیف پروگرام کے تحت اہل شہریوں کو ریلیف کی فراہمی رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنانے اور تمام مراحل میں شفافیت یقینی بنانے کے لیے ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر اُستا محمد ماریہ شمعون نے شہر کے تمام رجسٹرڈ پیٹرول پمپس کا تفصیلی معائنہ کیا اس موقع پر انہوں نے پروگرام پر عمل درآمد کی صورتحال شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور رجسٹریشن کے طریقہ کار کا جائزہ لیتے ہوئے عوامی شکایات کے ازالے پر خصوصی توجہ دی۔ معائنے کا بنیادی مقصد وزیراعظم فیول ریلیف پروگرام کے حوالے سے شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات کی جانچ پڑتال کرنا تھا جن میں رجسٹریشن کے عمل میں پیش آنے والی مشکلات مبینہ بے ضابطگیوں اور ریلیف کے حصول یا رجسٹریشن کے نام پر غیر مجاز فیسوں کی وصولی سے متعلق شکایات شامل تھیں اسسٹنٹ کمشنر نے پیٹرول پمپس پر موجود (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

سیال پیرس کے افتتاحی روز پاکستان نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا

پیرس (اے این این) 17 سے 21 اکتوبر 2026 تک منعقد ہونے والے سیال پیرس (SIAL Paris) کے افتتاحی روز پاکستان نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ سفیر ممتاز زہرا بلوچ نے 'پاکستان پویلین' کا افتتاح کیا، جہاں ٹی ڈی اے پی (TDAP) کے زیر اہتمام 37 پاکستانی کمپنیاں شرکت کر رہی ہیں۔ ان کمپنیوں کی جانب سے چاول، پراسیس شدہ غذائیں، گلابی نمک اور مشروبات سمیت مصنوعات کی ایک وسیع رینج نمائش کے لیے پیش کی گئی ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

حنا جاوید قتل' مرکزی ملزم کے اہلخانہ کا پہلی مرتبہ بیان، نئے انکشافات سامنے آ گئے

دورانِ ریمانڈ ذیشان پر تشدد کر کے اسے جرم قبول کرنے کے لیے دباؤ ڈالا گیا، ملزم کے والد کا الزام

راولپنڈی (اے این این) حنا جاوید قتل کیس میں گرفتار گھریلو ملازم ذیشان ارشد کے اہل خانہ پہلی مرتبہ سامنے آ گئے جس میں نئے انکشافات سامنے آئے ہیں۔ ملزم کے والد محمد ارشد نے دعویٰ کیا ہے کہ جیل میں بیٹے سے دو ملاقاتوں کے دوران اس نے بتایا کہ حنا جاوید کے قتل کے معاملے میں اس سے جو کچھ بھی کروایا گیا، وہ زبردستی کروایا گیا۔ محمد ارشد کے مطابق ذیشان نے بتایا کہ 20 اگست کی رات حنا جاوید اور ان کے شوہر فیصل اصغر کے درمیان جھگڑا ہوا۔ شور سن کر (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

بے نظیر بھٹو کی وطن واپسی پر کارساز دھماکے کو 19 برس ہو گئے

کراچی (اے این این) سابق وزیراعظم محترمہ شہید بے نظیر بھٹو کی تاریخی وطن واپسی پر کراچی میں کارساز خودکش حملے کو 19 برس ہو گئے۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ تشدد اور انتہاپسندی جمہوری جدوجہد کو نہیں روک سکتے، جیالوں نے جانوں کا نذرانہ دے کر بینظیر بھٹو کی حفاظت کی۔ انہوں نے کہا کہ شہدا کی یاد جمہوریت اور قربانی کے عہد کی تجدید ہے، آئین کی بالادستی، جمہوری اداروں (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

سردیوں کی تعطیلات ختم کرنے کے فیصلے پر نظر ثانی کا مطالبہ

پنجگور میں شدید سردی کے پیش نظر تعطیلات ضروری ہیں، تعلیمی حلقے

پنجگور (یو این اے) پنجگور کے اساتذہ اور طلبہ کے ساتھ ناانصافی بند کی جائے سردیوں کی چھٹیاں ختم کرنے کا فیصلہ نظرِ ثانی کا منتظر پنجگور کے اساتذہ، طلبہ اور والدین کے لیے ایک اہم سوال آخر پنجگور کے تعلیمی نظام کے ساتھ یہ تجربات کیوں کیے جا رہے ہیں کئی سالوں سے پنجگور میں سردیوں کی تعطیلات کا نظام رائج رہا ہے، کیونکہ یہاں سردیوں میں شدید سردی پڑتی ہے۔ اس نظام کے تحت اساتذہ اور طلبہ اپنی تعلیمی سرگرمیوں کو موسمی حالات کے مطابق جاری رکھتے آئے ہیں۔ لیکن اب اچانک سردیوں کی چھٹیاں ختم کر کے گرمیوں کی تعطیلات مقرر کرنے کا فیصلہ کیوں کیا جا رہا ہیکیا پنجگور کے موسمی حالات تبدیل ہو گئے ہیں کیا یہاں سردیوں کی شدت ختم ہو گئی ہے؟ یا پھر پالیسی بنانے والوں نے زمینی حقائق کو نظرانداز کر دیا ہے پنجگور کے موسمی حالات کو نظرانداز کر کے بنائی گئی تعلیمی پالیسی اساتذہ اور طلبہ کے لیے مشکلات پیدا کر سکتی ہے۔ پنجگور کے تعلیمی (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

مولانا فضل الرحمان پر تنقید کرنے والے اپنی نوکری پکی کر رہے ہیں، غفور حیدری

تنقید سے ثابت ہوتا ہے کہ قائد جمعیت کا تیر درست نشانے پر لگا ہے جس کے باعث مخالفین کی چیخیں نکل رہی ہیں

مولانا فضل الرحمان کے سیاسی موقف اور سرگودھا میں ہونے والی بڑی کانفرنس سے مخالف قوتیں خوفزدہ ہیں، مرکزی سیکرٹری جنرل جمعیت

جیکب آباد (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل اور رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ جو لوگ اسٹیبلشمنٹ کے کہنے پر جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان پر تنقید کر رہے ہیں وہ دراصل اپنے بیانات کے ذریعے اپنی نوکری پکی کر رہے ہیں ان کی تنقید سے ثابت ہوتا ہے کہ قائد جمعیت کا تیر درست نشانے پر لگا ہے جس کے باعث مخالفین کی چیخیں نکل رہی ہیں حکمران اپنی حکمرانی کی ناکامیوں کا ملبہ مولانا فضل الرحمان پر ڈال کر اپنی نااہلی چھپانا چاہتے ہیں، انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کے سیاسی موقف اور سرگودھا میں ہونے والی بڑی کانفرنس سے مخالف قوتیں خوفزدہ ہیں اسی لیے قائد جمعیت کے خلاف بے بنیاد الزامات اور جھوٹا پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے، مولانا فضل (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

کوئٹہ، پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام سانحہ کارساز کے شہداء کیلئے پریس کلب کے سامنے، سید اقبال شاہ، حیات خان اچکزئی، شاہجہان گجر اور دیگر شمعیں روشن کر کے احتجاج کر رہے ہیں

خضدار میں ماربل فیکٹری پر مسلح افراد کا حملہ، 18 مزدور اغوا، ایک زخمی

حملے کے دوران ایک مزدور فائرنگ سے زخمی ہوا جبکہ حملہ آور فیکٹری سے دو گاڑیاں اور ایک لوڈر بھی اپنے ساتھ لے گئے

زخمی مزدور کی شناخت راشد کے نام سے ہوئی ہے اور طبی ذرائع کے مطابق اس کی حالت خطرے سے باہر ہے، اغوا ہونے والے مزدوروں کا تعلق خضدار کے مختلف علاقوں سے بتایا جا رہا ہے

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ضلع خضدار کے دور دراز علاقے نال میں ہفتے کی شام نامعلوم مسلح افراد نے ایک ماربل فیکٹری پر حملہ کر کے وہاں کام کرنے والے 18 مزدوروں کو اغوا کر لیا۔ حملے کے دوران ایک مزدور فائرنگ سے زخمی ہوا جبکہ حملہ آور فیکٹری سے دو گاڑیاں اور ایک لوڈر بھی اپنے ساتھ لے گئے۔ رپورٹس کے مطابق واقعہ خضدار شہر سے تقریباً 35 سے 40 کلومیٹر دور بیسار پہاڑی کے قریب پیش آیا جہاں نیشنل پارٹی کے سابق صوبائی وزیر سردار اسلم بزنجو اور ان کے بیٹے شاہ میر بزنجو کی ماربل فیکٹری واقع ہے۔ انکے مطابق ہفتے کو رات گئے درجنوں مسلح افراد گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر فیکٹری میں داخل ہوئے اور وہاں موجود مزدوروں کو زبردستی اپنے ساتھ لے گئے۔ اس دوران ایک مزدور نے (باقی صفحہ 3 نمبر 26)